# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 13 اگست 2015ء بمطابق 27 شوال 1436 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پانچ منٹ پر منعقد ہوا۔

*محترمہ مسند نشین، انیسہ زیب طاہر خیلی مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔*

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم۔

تَبٰرَکَ الَّذِی بِیَدِہِ الْمُلْکُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ O الَّذِی خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوۃَ لِیَبْلُوَکُمْ أَیُّکُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً وَھُوَ الْعَزِیزُ الْغَفُورُ O الَّذِی خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا مَّا تَرٰی فِی خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِن تَفٰوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ھَلْ تَرٰی مِن فُطُورٍ O ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنقَلِبْ إِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِیًا وَھُوَ حَسِیرٌ۔

(ترجمہ): وہ (خدا) جس کے ہاتھ میں بادشاہی ہے بڑی برکت والا ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اسی نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں کون اچھے عمل کرتا ہے۔ اور وہ زبردست (اور) بخشنے والا ہے۔ اس نے سات آسمان اوپر تلے بنائے۔ (اے دیکھنے والے) کیا تو (خدا) رحمٰن کی آفرینش میں کچھ نقص دیکھتا ہے؟ ذرا آنکھ اٹھا کر دیکھ بھلا تجھ کو (آسمان میں) کوئی شگاف نظر آتا ہے۔ پھر دوبارہ (سہ بارہ) نظر کر، تو نظر (ہر بار) تیرے پاس ناکام اور تھک کر لوٹ آئے گی۔ وآخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

محترمہ مسند نشین: جزاکم اللہ۔

## نشانزدہ سوال اور اس کا جواب

Madam Chairperson: 'Questions` Hour': Sikandar Sherpao!
Mr. Sikandar Hayat Khan: Thank you, Madam Speaker. Question No. 2446.
Madam Chairperson: Answer be taken as read, any supplementary?

جناب سکندر خان شیر پاؤ: میڈم سپیکر! ایک تو یہاں پہ مجھے تو منسٹر صاحب نظر نہیں آرہے، I don't know کہ کون اس کا جواب دے گا؟ میرے ایک دو تین اس میں سپلیمنٹری کوسچنز ہیں۔ بنیادی طور پر یہ میں نے سپورٹس گالا کے بارے میں یہ کوسچن کیا تھا اور انہوں نے مجھے اس کے جواب میں یہ کہا ہے کہ جی یہ صرف پشاور میں ہوا ہے اور اس کے Expenditures انہوں نے پشاور اپ لفٹ پروگرام سے کئے ہیں۔ تو ایک تو میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ آیا ڈیپارٹمنٹ یہ سپورٹس گالا باقی ضلعوں میں بھی کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اور اس کے بارے میں کوئی پلان ہے کہ نہیں ہے؟ دوسرا یہ کہ جی اگر میرے کوسچن کا آپ Part (b) دیکھیں تو میرا یہ تھا کہ "If yes, then please provide the details of the program along with the allocations and the expenditures of this program for each district" ۔ اب انہوں نے Expenditure تو دیا ہے لیکن Allocation جو اس کیلئے کی تھی، وہ نہیں دی، جس میں میرا یہ خیال ہے کہ جو اس کیلئے Allocations رکھی گئی تھیں، اس سے زیادہ اس پہ خرچہ آیا ہے۔ یہ میں اس طرف پوائنٹ آوٹ کرنا چاہ رہا تھا کہ کیوں ایسا کیا گیا ہے؟ تو کمپلیٹ اس لحاظ سے مجھے جواب ملا نہیں ہے۔ میں آپ کی وساطت سے چاہوں گا کہ یہ ذرا Explain کردیں منسٹر صاحب۔

محترمہ مسند نشین: کون اس کا جواب دے رہا ہے؟ حاجی صاحب! آپ کے حوالے کیا گیا ہے؟

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ): نہیں حوالے تو نہیں کیا گیا لیکن میں بدقسمتی سے حاضر ہوں تو اسلئے-----

(قہقہے)

محترمہ مسند نشین: نہیں یہ It`s not a، بھائی صاحب! یہ آپ تو خیر وہ ہیں، کیبنٹ تو Collectively responsible ہے لیکن Rota day پہ-----

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحبہ!

محترمہ مسند نشین: یہ منور خان صاحب کو دیں مائیک، منور خان صاحب!

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میڈم! یہی کہ میں کہہ رہا ہوں کہ میرے خیال میں سکندر شیر پاؤ خان بھی یہی چاہتے ہوں گے کہ یہ سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ وہاں پہ بھی سارے بیٹھے ہوئے ہیں اور آپ کی خواہش یہ ہے سٹینڈنگ کمیٹی بھیجنے کی؟

محترمہ مسند نشین: یہ ہاؤس سے پوچھتے ہیں۔ میں اصل میں پہلے ایڈریس کروں گی، سینیئر منسٹر تو بیٹھے ہوئے ہیں ایک۔ سینیئر منسٹر صاحب! السلام علیکم! آپ کا سپورٹس اینڈ کلچر کس کے حوالے ہے، Who is going to answer the Question, any knowledge?

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: آفریدی صاحب ہیں لیکن Unfortunately، پہلے جی آپ کو وہاں بیٹھنے پہ مبارک ہو۔

محترمہ مسند نشین: بڑا Relax attitude ہے۔ This is not becoming of a Minister and Special Assistant، ایسا نہیں ہونا چاہیئے، آج ان کو ٹائم سے پہلے آنا چاہیئے تھا، کوئسچن آیا ہوا ہے۔

سینیئر وزیر (صحت): میں بات کرلوں گا جی منسٹر سے، Apologies۔ وہ ہیں نہیں، اس وقت تو I can not answer the Question-----

محترمہ مسند نشین: نہیں I am sure، آپ کو تو ظاہر ہے حوالہ نہیں ہے۔

سینیئر وزیر (صحت): لیکن اگر اس کو ڈیفر کر دیا جائے Next session کیلئے یا تھوڑی دیر میں آجائیں I request, please، میں سکندر خان سے ریکویسٹ کروں گا۔

محترمہ مسند نشین: سکندر حیات خان شیر پاؤ صاحب!

جناب سکندر حیات خان: ڈیفر کرتے ہیں، مجھے اس پہ بھی اعتراض نہیں ہے، اگر کمیٹی بھجواتے ہیں یا ڈیفر کرتے ہیں۔

محترمہ مسند نشین: تھوڑاانتظار کر لیتے ہیں، اگر اس دوران وہ آجاتے ہیں تو ٹھیک ہے، نہیں تو We can defer it with a stricture perhaps. ٹھیک ہے جی! اگلے کوئسچن پہ چلتے ہیں، اتنی دیر میں، کوئسچن نمبر 2451، سکندر حیات خان صاحب!

جناب سکندر حیات خان: تھینک یو، میڈم سپیکر۔ کوئسچن نمبر 2451، میرے خیال میں اس کے ساتھ بھی وہی پرابلم آئے گا۔

* 2451 _ جناب سکندر حیات خان: کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) 2008 سے لے کر اب تک سالانہ ترقیاتی پروگرام اے ڈی پی کے حجم (رقم) کے ساتھ ساتھ ضلعی اور شعبہ وار مختص شدہ رقوم کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب خلیق الرحمان (پارلیمانی سیکرٹری برائے منصوبہ بندی و ترقی): (الف) ہر سال ترقیاتی پروگرام اے ڈی پی کے شعبہ وار منصوبوں کی تفصیل متعلقہ محکمے اپنی حدود و قیود اور ضلعی ترجیحات کو مد نظر رکھ کر تجویز کر دیتے ہیں اور پھر یہ تجویز شدہ منصوبے کافی غور و حوض اور جانچ پڑتال کے بعد محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات نئے سالانہ ترقیاتی پروگرام اے ڈی پی میں شامل کر کے صوبائی کابینہ اور صوبائی اسمبلی کو منظوری کیلئے بھیج دیتا ہے۔ یہاں اس امر کا ذکر ضروری ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام شعبوں (Sectors) کی بنیاد پر مرتب کیا جاتاہے اور اس بنیاد پر اس کا ریکارڈ رکھا جاتاہے۔

2008-09 سے لیکر 2014-15 تک سالانہ ترقیاتی پروگرام کی شعبہ وار/ ضلع وار مختص شدہ رقوم کی تفصیل درج ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| 1۔ 2008-09 کی سالانہ ترقیاتی پروگرام | 27148.2 ملین روپے۔ |
| 2۔ 2009-10 کی سالانہ ترقیاتی پروگرام | 34462.1 ملین روپے۔ |
| 3۔ 2010-11 کی سالانہ ترقیاتی پروگرام | 60000.0 ملین روپے۔ |
| 4۔ 2011-12 کی سالانہ ترقیاتی پروگرام | 69028.3 ملین روپے۔ |
| 5۔ 2012-13 کی سالانہ ترقیاتی پروگرام | 74200.0 ملین روپے۔ |
| 6۔ 2013-14 کی سالانہ ترقیاتی پروگرام | 83000.0 ملین روپے۔ |

7۔2014-15 کی سالانہ ترقیاتی پروگرام 100050 ملین روپے۔

(باقی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

Madam Chairperson: Answer be taken as read, any supplementary?

جناب سکندر حیات خان: میڈم! یہ کوسچن میں نے دو بنیادی وجوہات کی وجہ سے کیا تھا، میں تھوڑا سا وہ آپ کو Explain کر کے اس پہ میں آتا ہوں لیکن یہ ہے کہ ابھی بھی مجھے اس کوسچن میں بھی یہی مسئلہ نظر آ رہا ہے کہ I don't see anyone کہ جو مجھے اس کا جواب دے سکیں گے۔ Basically اگر آپ دیکھیں تو پچھلے کئی سالوں سے ہمارے پراونس کے مختلف ریجنز میں یہ ایک احساس محرومی کہہ لیں کہ وہ بڑھ رہی ہے کہ جی بعض ریجنز میں ڈویلپمنٹ زیادہ ہو رہی ہے اور بعض میں ڈویلپمنٹ کم ہو رہی ہے، تو اس کے حوالے سے میں نے یہ کوسچن کیا تھا اور خصوصاً پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ سے یہ شکایت ہماری ہوتی۔۔۔۔

Madam Chairperson: Order in the House.

جناب سکندر حیات خان: خصوصاً پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ سے یہ شکایت پچھلی تین اسمبلیز سے میں دیکھ رہا ہوں کہ یہی شکایت تھی کہ جی وہ Need basis جو کہ ان کا Basic کام ہونا چاہیئے تھا اور ڈویلپمنٹ جس طریقے سے ہونی چاہیئے، وہ Criteria سامنے نہیں آ رہا۔ میرا اس میں بھی یہ وہ ہے، اگر آپ اس میں دیکھیں کہ مختلف سالوں کی میں نے 2008 سے لے کر Present تک ساری اے ڈی پیز کی ڈسٹرکٹ وائز، سیکٹر وائز Allocation مانگی تھی اور اس میں اگر آپ دیکھیں تو ہر سال There is disparities، پانچ چھ اضلاع ایسے ہیں جن پہ زیادہ پیسے خرچ ہو رہے ہیں باقی اگر دیکھیں تو وہاں پہ Negligent بالکل Allocation کی جاتی ہے تو اس کیلئے ڈیپارٹمنٹ یہ بتائے کہ کیا Criteria ہے، What is there?، وہ آیا پسماندگی کو وہ رکھتے ہیں، آیا Need basis رکھتے ہیں، آیا وہ پی ایف سی کا پرانا فارمولا اس پہ Follow کرتے ہیں، What is the criteria for the allocation? کیونکہ اس میں خاصکر اپوزیشن کی اور زیادہ تر اضلاع کی یہی ایک وہ آتی ہے کہ جی ہمارے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اور اس میں اگر آپ دیکھیں تو پہلے سال سے، 2008-09 سے اگر لیں تو ادھر بٹگرام کا دیکھیں 163 اور پھر ادھر دو بلین تین بلین کے وہ بھی ہیں، There is a very huge disparity تو یہ میں چاہوں گا کہ مجھے Criteria بتایا جائے کہ کس Criteria پہ یہ Allocation کرتے ہیں؟

محترمہ مسند نشین: Let me first of all findout کہ کون اس کو؟ کیونکہ I don't see the Parliamentary Secretary, there is no Minister for P&D اور لاء منسٹر بھی نہیں ہیں تو I am sure حاجی صاحب! آپ اس کو ایڈریس۔۔۔۔۔

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ و عشر): میں تو ویسے سرسری جواب دوں گا ان شاءاللہ۔

محترمہ مسند نشین: اپنے کوئی ریمارکس دینا چاہیں تو میں آپ کو فلور دیتی ہوں لیکن اگر آپ اس کا جواب دے رہے ہیں تو پھر مجھے بتائیں۔

وزیر زکواۃ و عشر: میں جواب دیتا ہوں نا۔

محترمہ مسند نشین: جواب دیتے ہیں، اچھا حاجی حبیب الرحمان صاحب۔

وزیر زکواۃ و عشر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ میڈم سپیکر۔ سکندر شیر پاؤ خان نے جو کہا ہے کہ Criteria کیا ہے؟ تو Might is right یہاں پہ جس کی لاٹھی اس کی بھینس ہوتی ہے۔ یہاں Criteria یہ ہے اور میں نے پہلے بھی فلور آف دی ہاؤس کہا تھا، آپ سب کو علم ہے کہ یہاں پہ ڈیویلپمنٹ کا کام جو ہے، پی اینڈ ڈی جو ہے، اصل میں وہ نہیں کر رہا ہے اور میں 2002 سے اگر کہوں تو یہاں Need base ویسے لکھتا ہے لیکن Criteria تو یہ ہے کہ اگر کسی ضلع میں ہم کہیں کہ ہر ایک ضلع میں ہم کٹیگری سی ہاسپٹل بنائیں گے، جو کوئی بھی ضلع ہو تو یہ Priority criteria ہونا چاہیئے۔ ہر ایک ضلع میں ڈگری کالج ہونا چاہیئے، ہر ایک ضلع میں، ہر ایک یونین کونسل میں، تو یہ Criteria ہے پی اینڈ ڈی کا، لیکن یہاں طریقہ کار یہ رہا ہے۔ اللہ کرے کہ کل آپ وزیر اعلیٰ بن جائیں تو ان شاءاللہ آپ کی باری آئے گی اور آپ ان شاء اللہ سارا فنڈ وہاں چارسدہ میں لگائیں گے۔ (قہقہے) تو یہ ہے Criteria اور اس Criteria پہ لوگ پہلے سے کام کر رہے ہیں (تالیاں) لیکن سارے Chapter کو ہم جمع کریں، یہ ہم نے اس پہ ایک کام کیا تھا، مظفر سید کے ساتھ ہم بیٹھے تھے اور ہم نے وزیر اعلیٰ کو وہ آپ کا جو سوال ہے، یہ پہلے سے ہم نے اس کے ساتھ ڈسکس کیا تھا، تو ہر ایک ضلع میں کچھ نہ کچھ کام تو ہو رہا ہے۔ ہم تو صرف، ہمارے جو روڈز ہیں، پرائمری سکولز، یہ ہم دیکھتے ہیں لیکن باقی اس کا بہت سارا وسیع پیمانہ ہے اور اس کے مطابق ہر ایک ضلع میں کروڑوں روپے کے منصوبے چل رہے ہیں لیکن جو ہماری تقسیم ہے، اس میں

واقعی Discrimination ہے اور میری یہ خواہش ہے کہ آئندہ کیلئے میں نے یہ Discrimination پہلے بھی As a Minister اس فلور آف دی ہاؤس پہ میں نے بھی یہ بیان دیا تھا کہ ایک طریقہ کار ہونا چاہیئے کہ پی اینڈ ڈی کیلئے جو Criteria ہے، Criteria پہ کام کرلے خواہ اس پہ کسی بھی ضلع پہ کچھ ہو جائے تو یہ طریقہ ان شاءاللہ صحیح رہے گا۔

جناب سکندر حیات خان: میڈم سپیکر! میں حبیب الرحمان صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے آن دی فلور آف دی ہاؤس Admit کیا اور یہ مانا کہ واقعی اس لحاظ سے کوئی Criteria follow نہیں کیا جاتا۔ اب میرے خیال میں اسی وجہ سے اگر آپ دیکھیں کہ مختلف ریجنز میں یہ Feeling ہے کہ جی ان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اور یہ دن بدن بڑھ رہی ہے، اگر ہم ایک طرف مرکز سے جب فنڈز مانگتے ہیں تو اس میں ہم شور مچاتے ہیں کہ جی چھوٹے صوبوں کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، ہمارے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے تو پھر ادھر بھی اس کیلئے ایک میکنزم بنانا چاہیئے اور میں آپ سے ریکویسٹ کروں گا کہ اگر اس کو کمیٹی میں بھیج کے اس کیلئے یا تو کوئی سپیشل کمیٹی بنائیں یا اس کو کمیٹی میں بھیج کے اس کیلئے Once and for all ایک میکنزم بننا چاہیئے، میرے خیال میں اس سے سارے صوبے کے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا اور سارے ایم پی ایز بھی میرے خیال میں اس سے میرے ساتھ متفق ہوں گے اس بات سے کہ اس کیلئے ایک Just mechanism ہونا چاہیئے۔

محترمہ مسند نشین: حاجی حبیب الرحمان، جی!

وزیر زکواۃ و عشر: یہ سٹینڈنگ کمیٹی کے ذریعے سے مشکل ہے کیونکہ پالیسی چینج کرنی ہے اور اس پہ بہت Deliberation اور بہت اس میں میرا خیال ہے کہ سارے جو پارلیمانی لیڈرز ہیں، یہ بھی ہوں اور ایکسپرٹس بھی ہوں ہمارے پی اینڈ ڈی کے، اس کی Deliberation کرلیں اور ایک طریقہ کار بنائیں آئندہ کیلئے، اس سال تو کم ہوا ہے لیکن آئندہ سال اور یہ بہت پیچیدہ مسئلہ بھی ہے اور یہ مشکل بھی ہے۔ تو اس کی Detailed deliberation ہونی چاہیئے اور اس کے مطابق ایک پالیسی کے ذریعے اس کو Implement کرنا چاہیئے۔ تو ایک سپیشل کمیٹی بالکل ٹھیک ہے، میں اس کے حق میں ہوں کہ ایک سپیشل

کمیٹی بنائی جائے اور اس میں کم از کم ہر پارٹی کا ایک لیڈر جو پارلیمانی لیڈر ہے، اس کو بٹھایا جائے تاکہ آئندہ کیلئے مسئلہ نہ۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: What if حاجی صاحب! اس Matter کو میں سٹینڈنگ کمیٹی کیلئے اس ہاؤس سے پوچھوں اور اس میں پارلیمانی لیڈرز کو بھی بلالیا جائے تو یہ آپ کا مسئلہ بھی حل ہوتا ہے اور جتنے پارلیمنٹری لیڈرز بھی اس میں آجائیں تو سٹینڈنگ کمیٹی کی۔۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میڈم سپیکر!

محترمہ چیئرپرسن: منور خان صاحب!

جناب منور خان ایڈوکیٹ: یہ جیسے منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ اس کیلئے سپیشل کمیٹی بنائی جائے، یہاں پہ میں آپ کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں جی کہ 13-2012 کی اے ڈی پی میں مردان کے روڈز میں اگر آپ دیکھیں تو میڈم! وہاں پہ 1142.8 مردان کو گئے ہیں اور باقی کو اگر آپ دیکھیں تو کسی کو Fifty، کسی کو Sixty تو یہ یقیناً اگر ایک ڈسٹرکٹ کو، مردان کو اتنے فنڈز جارہے ہیں روڈز میں، تو باقی ڈسٹرکٹس تو میرے خیال میں محروم رہ جائیں گے، تو اس کیلئے ریکویسٹ ہے بلکہ سارے اسمبلی فلور پہ جتنے بھی بیٹھے ہیں، وہی ریکویسٹ کریں گے کہ اس کیلئے سپیشل کمیٹی بنائیں تاکہ پارلیمانی لیڈرز وہاں پہ بیٹھ کر گورنمنٹ کے ساتھ یہ Decide کریں کہ اس طریقے سے کم از کم ہر ڈسٹرکٹ کا کوٹہ کم از کم Equal ہونا چاہیئے نہ کہ کسی کو زیادہ کسی کو کم۔ تھینک یو، میڈم۔

جناب زرین گل: میڈم سپیکر!

محترمہ مسند نشین: جی زرین گل صاحب!

جناب زرین گل: دا جي وزير صاحب خو اقبال جرم اوکړو، (قہقہے) اقبال جرم ئے دا اوکړو، د ټريژرۍ بنچز د طرف نه بالکل هغه دا اووئيل چې Might is right، جس کی لاٹھی اس کی بھینس، ميډم سپيکر! دا هلته اوليږئ په دې باندې دغه اوکړی، دا خو که دا سې امتيازی سلوک کيږی نو زه خود دې بهرپور دغه کومه دا خو چې کوم دے دوئ هلته Accept کړه، دا اوليږئ دغه ته، او چې په دې باندې۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: چرته، سټينډنګ کميټۍ ته؟

جناب زرین گل: او، سټينډنګ کميټۍ ته۔

محترمہ مسند نشین: بيا داسې ده چې سټينډنګ کميټۍ ته دا هاؤس نه Permission واخلمه او هلته به ئے اوليږو او ورسره پارليمنټرى ليډرز Specially به هلته Invite کړو او هغوى به بيا د دې مسئلې ډيټيل کښې جاج واخلى۔ آپ نے نلوٹھا صاحب! آپ Comment کرنا چاہ رہے ہیں، مائیک آن کریں، آپ سبز بٹن دبا کے چھوڑ دیا کریں، بس آپ، تھینک یو۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی جی۔ میڈم سپیکر صاحبہ! بالکل جو سکندر خان صاحب نے یہ کوسچن لایا ہے، یہ کسی ایک ممبر کا مسئلہ نہیں ہے، اس ہاؤس میں جتنے ممبران ہیں، ان کی حق تلفی ہوئی ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح آپ نے فرمایا ہے کہ سٹینڈنگ کمیٹی میں جائے اور ساتھ ہی پارلیمانی لیڈرز بھی As special انہیں بھی بلایا جائے اس میں تاکہ یہ حق تلفی آئندہ نہ ہو۔

محترمہ مسند نشین: سکندر شیر پاؤ صاحب!

جناب سکندر حیات خان: میڈم سپیکر صاحبہ! بالکل آپ کی بات صحیح ہے، اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر کر دیں تو ہاؤس سے پوچھ کے، لیکن میری اس میں ایک یہ استدعا ہو گی کہ اگر اس میں یہ بھی ڈائریکشنز کر دیں کہ اس کے اوپر میٹنگ جلد بلائی جائے کیونکہ This is the time کہ اگر اس کیلئے ہم میکنزم ڈیویلپ کر لیں تاکہ اگلے اس کیلئے، اے ڈی پی یا اس کیلئے ایک میکنزم ڈیویلپ کیا جا سکے۔ یہ ایک میٹنگ میں ہو نہیں سکے گا تو جتنی جلدی اگر اس کی میٹنگ بلائی جا سکے تو وہ بھی بہتر ہو گا جی۔

Madam Chairperson: Is it the desire of the House to refer this Question No. 2451, asked by the honourable Member, Sikandar Hayat Khan Sherpao, be referred to the concerned Committee where the Leaders of the Parliamentary Groups be also invited? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Madam Chairperson: So, the ‘Ayes’ have it, the ‘Ayes’ have it, the ‘Ayes’ have it, and the Question is referred to the concerned Committee, Standing Committee. All the Parliamentary Leaders

will be invited in it and the Committee is instructed, directed to convene its session within ten days time. Next Question, Question No. 2465, Mufti Said Janan Sahib or anybody on his behalf. Nobody, it lapses. Question No. 2461, Madam Sobia Shahid Sahiba. Okay, lapsed. Question No. 2467, Madam Sobia Shahid Sahiba-----

Mr. Sultan Muhammad Khan: Madam Speaker!

Madam Chairperson: On her behalf?

Mr. Sultan Muhammad Khan: Ji.

Madam Chairperson: Ji, Sultan Muhammad Khan Sahib.

Mr. Sultan Muhammad Khan: Madam Speaker, thank you for giving me this opportunity. Madam Speaker, I would-----

Madam Chairperson: Question No?

Mr. Sultan Muhammad Khan: Question No. 2467.

Madam Chairperson: Answer be taken as read, any upplementary?

Mr. Sultan Muhammad Khan: Madam Speaker, I have a supplementary question on this answer that has been given and Madam! I was just going through the posts that have been detailed those persons, those posts have been filled in the Ehtesab Commission Madam, and it is very unfortunate Madam! that a very important post, that is part and parcel of this Ehtesab Commission, that is Assistant Director (Administration), that has not been mentioned in this answer, so, this is an incomplete answer wherein a very important post has not even been mentioned, who is working on this post? How was he or she selected and what are the responsibilities of that post and what process was undertaken to fill up this post? Madam, my second supplementary question is that a number of Investigation Officers, they were appointed when this Ehtesab Commission started working and it is in my knowledge Madam Speaker, that a number of those Investigation Officers have been summarily removed from service. Whereas, when they were appointed, so, there was a proper procedure wherein a test took place, the interviews took place and then they were selected through the proper procedure. So, Madam! I want to ask my second supplementary question that why were these Investigation Officers removed? What was the basis of their removal? Madam, these two are very relevant questions and this House needs to know why it

has been, why it has been hidden in this answer that has been provided in this House.

<u>Madam Chairperson:</u> Member Sahib! Are you inquiring about the Assistant Director Investigation because I don't see any post?

<u>Mr. Sultan Muhammad Khan</u>: The Assistant Director Administration, Madam!

<u>Madam Chairperson:</u> No, one is Administration, but your second part-----

<u>Mr. Sultan Muhammad Khan</u>: The second is a number of Investigation Officers, IOs.

<u>Madam Chairperson:</u> Investigation Officers? So I don't see any post there. There are Law Officers; there are Admin Officers, there are Assistant Director Investigations.

<u>Mr. Sultan Muhammad Khan</u>: So, that is even more of an unfortunate thing that those posts have not been mentioned at all and then-----

<u>Madam Chairperson:</u> اچھا ٹھیک ہے Let me ask the concerned Cabinet Member.

<u>جناب عسکر پرویز:</u> میڈم! میں نے کچھ کہنا ہے۔

<u>محترمہ مسند نشین:</u> یہ اس سے Relevant ہے؟ جی، عسکر پرویز صاحب۔

<u>جناب عسکر پرویز:</u> تھینک یو، میڈم سپیکر۔ میڈم سپیکر! کچھ عرصہ پہلے کوئسچن کیا تھا کہ اقلیتوں کی جب بھرتیاں ہوتی ہیں تو کتنا پرسنٹ کوٹہ، یہاں پر تو عارف یوسف نے اس کا جواب دیا تھا کہ تھری پرسنٹ اور جب میں نے ان سے لسٹ مانگی تھی تو انہوں نے کہا تھا کہ بھئی جب Hundred Posts نکلتی ہیں تو پھر اس میں تین سیٹیں جو ہیں وہ اقلیتوں کی ہوتی ہیں۔ یہاں پر جو لسٹ Provide کی گئی ہے، اس میں 93 تقریباً پوسٹیں ہیں، تو میرا اسپلیمنٹری کوئسچن یہ ہے کہ اس میں کتنے اقلیت کے افراد بھرتی کئے گئے ہیں اور اگر نہیں کئے گئے تو کیوں نہیں کئے گئے اور اس کی Rectification کیلئے گورنمنٹ کیا کرے گی؟

<u>محترمہ مسند نشین:</u> اوکے۔

<u>جناب عسکر پرویز:</u> تھینک یو۔

<u>محترمہ مسند نشین:</u> اس کی ڈائریکٹ اتنی وہ نہیں ہے لیکن I will findout۔

محترمہ معراج ہمایون خان: میڈم!

Madam Chairperson: Madam Meraj Humayun, better be relevant Madam!

محترمہ معراج ہمایون خان: تھینک یو، میڈم! اسی کے ساتھ، عسکر کے پوائنٹ کے ساتھ Link up کرتے ہوئے ویمن کا بھی کوئی کوٹہ ہوتا ہے ہر اپوائنٹمنٹ میں، ہر انسٹی ٹیوشن، ہر آرگنائزیشن گورنمنٹ میں اور مجھے یہاں پر خواتین کے کوئی بھی نام نظر نہیں آرہے۔ تھینک یو۔

محترمہ مسند نشین: سینیئر منسٹر شہرام خان! آپ اس کو ایڈریس کریں گے کیونکہ Law Minister is supposed to do that, I don't see him, I don't have any application from him.

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: میڈم سپیکر! بہت Detailed Questions ہیں، میرے پاس زیادہ انفارمیشنز اس کے بعد ہیں نہیں، کیونکہ سپلیمنٹری کوئسچنز ہیں اور Concerned جو ہمارے آنریبل ممبرز ہیں We can sit with them and the concerned department can.

محترمہ مسند نشین: آپ Basic Question کو Address کریں پھر سپلیمنٹریز کو دیکھتے ہیں اس کے بعد، یہ ہے کہ کچھ Vacancies ہیں Already they know and there is no knowledge اور وہ یہاں نہیں Mention ہے، Possibility؟

Senior Minister (Health): I am not clear about it Madam Speaker.

محترمہ مسند نشین: Okay, please get the information from the relevant quarter، آپ کو، چونکہ ڈیپارٹمنٹ نہیں ہے، I am sure لیکن یہ مجھے افسوس ہے، Please convey my very sincere sentiments کہ Nobody ابھی تک، یعنی آپ دیکھیں جو ٹائم ہے عموماً جن کا Rota day ہوتا ہے، وہ ٹائم سے آدھا گھنٹہ پونے گھنٹہ پہلے آتے ہیں۔ مجھے آفیسرز کا بھی نہیں پتہ، ابھی تک تو خالی تھیں، مجھے سیکرٹری صاحب ذرا لسٹ Provide کریں، کون کون آئے ہوئے ہیں؟ اچھا Relevant officers concerned جن کا، ایک منٹ، Rota day ہے، جن کا، ایک منٹ، Rota day ہے، وہ ان سے پتہ کریں May be they have the knowledge اور ساتھ

یہ ہے کہ ابھی تک کوئی بھی، اگر فرض کریں ایک منسٹر نے نہیں آنا تو اس کیلئے طریقہ کار ہے، آپ اپنے کسی
Colleague کو بریف کے ساتھ، (مداخلت) پلیز بیٹھیں، بریف کے ساتھ دے سکتے ہیں تو
Please kindly convey my sentiments to your colleague. I am taking
This is no way and I am آج ایسا وہ ہے کہ میں نہیں جاتی ہوں لیکن it lightly because
going to issue a stricture، سپیکر صاحب! بہت فراخدل آدمی ہیں، میں ذرا تھوڑی اس معاملے
میں Different ہوں۔ جی، سلطان محمد خان!

<u>Mr. Sultan Muahmmad Khan:</u> Thank you Madam. Madam, I am going to agree with you on that, this is the collective responsibility of the cabinet that the answers that are being sought in this House, they should come prepared. Madam, this is a tradition of parliamentary politics. If we are not following this tradition, if we are not providing answers, if we are not coming prepared to this House Madam, then coming here and sitting in this House and then bearing all these expenses on the proceedings of this House, Madam! That is very unfortunate. Madam, I just want to clarify one thing, the supplementary questions that I ask were not for vacancies, Madam! there is an Assistant Director of Administration, presently serving in the Ehtesab Commission, I personally know that Madam.

<u>محترمہ مسند نشین:</u> May be، وہ آپ کو بتا دیں گے، That's what I have asked them
آپ حوصلہ کریں اور بیٹھیں تشریف رکھیں، تھینک یو۔ یہی کوئسچن ہے، Repeat نہ کیا کریں۔ بنیادی
طور پر ان کے Colleagues کا کوئی قصور نہیں ہے، جو یہاں پر بیٹھے ہیں، I should not blame
them، In fact یہ اپنے کاموں کیلئے آئے ہوئے ہیں، جو کنسرنڈ منسٹر ہے، ان کا کام ہے کہ وہ کسی نہ کسی
اپنے Colleagues کو حوالہ کریں یا پھر ان کے ڈیپارٹمنٹ کا کام ہے جن کے کوئسچنز ہیں کہ جی ہمارے
منسٹر یا ہمارے سپیشل اسسٹنٹ یا ہمارا پارلیمنٹری سیکرٹری نہیں ہے، پلیز برائے مہربانی یہ تو اچھا ہے، حاجی
صاحب کو میں Appreciate کروں گی کہ وہ پھر بھی انہوں نے جرات کا مظاہرہ کیا، شہرام خان پھر اٹھ
کے He wanted to give answer لیکن Specific information انہی ڈیپارٹمنٹس کے
پاس ہیں They will also go and get it، میرا Concern ہے ان منسٹرز کے ساتھ And

اور ان کو، بہت بری بات ہے، کبھی Casual matter I don't take it مطلب ہے this is no
اس اسمبلی سے Stricture ایشو نہیں ہوا، Stricture اگر آپ ایشو کریں تو وہ پھر ان کے ریکارڈ میں جائے
گا اور نیشنل اسمبلی اور سینٹ میں یہ موجود ہے، ایسی Examples جہاں منسٹر کے خلاف Strictures ایشو
ہوئے ہیں اوپر سے، چیئر سے، I don't want to do that، میرے Colleagues ہیں لیکن اگر
ہاؤس کے ممبر کو اگر Lightly لیں گے دونوں طرف سے، ٹریژری بنچز سے یا اپوزیشن بنچز سے، تو پھر اس
کا مطلب ہے کہ ہم سب کو، Collectively اس ہاؤس کو Light لیا جاتا ہے Which nobody of
us will allow، تو میں اس کو کسچن کو بھی، ہم نے ریفر کر دیا ہے اور یہ جو کسچن ہے، اس کو میں ڈیفر کر
دیتی ہوں تاکہ مجھے اگر پتہ چل جائے، Answer، تو آپ ممبرز کو Concerned جنہوں نے سپلیمنٹریز
کئے ہیں، اس میں مینارٹی کوٹہ، ویمن کوٹہ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن۔۔۔

سینئر وزیر (صحت): ٹھیک ہے۔

محترمہ مسند نشین: یہ اس کے حوالے سے ان کو Relevant information دے دیں اور سیکرٹریٹ کو
بھی اور Next اس کیلئے یہی کو کسچن میں ڈیفر کروں گی، Next Rota day یہ دوبارہ آئے گا۔

سینئر وزیر (صحت): تھینک یو جی۔ I will۔۔۔۔

Madam Speaker: And please convey my sentiments to the concerned Minister and Special Assistant. The 'Questions` Hour' is over. بس یہ ختم ہوگئے ہیں سارے

## غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

2465 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ افغان کمشنریٹ صوبہ میں افغان مہاجرین کے مختلف اضلاع میں قائم کیمپوں
کی نگرانی اور ان میں تعمیر و ترقی کے کام سرانجام دیتی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ افغان مہاجرین کی وجہ سے متاثرہ اضلاع میں یکساں تعمیر و ترقی کے کام نہیں
کئے گئے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 2008 سے تاحال صوبے کے کون کونسے اضلاع افغان مہاجرین سے متاثر ہوئے ہیں، نیز ان میں کس نوعیت کے تعمیر و ترقی کے کام کئے گئے ہیں؛

(ii) مذکورہ تمام اضلاع کے نام، ان میں کئے گئے کاموں کیلئے منظور شدہ رقوم کی ہر سال کی الگ الگ ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) یہ درست نہیں ہے کہ افغان کمشنریٹ صوبے کے مختلف اضلاع میں قائم کیمپوں کی نگرانی اور ان میں تعمیر و ترقی کا کام سرانجام دیتی ہے، البتہ افغان کمشنریٹ مختلف اضلاع میں کیمپوں سے باہر ترقیاتی کام کرتی ہے۔

(ب) یہ درست ہے کہ افغان مہاجرین کی وجہ سے متاثرہ اضلاع میں یکساں تعمیر و ترقی کے کام نہیں کئے گئے کیونکہ ڈونرز (عطیہ دینے والے ادارے) ڈسٹرکٹ کا انتخاب کرتے ہیں جس میں کمشنریٹ برائے افغان مہاجرین کا عمل دخل نہیں ہوتا۔

(ج) (i) سال 2008 سے تاحال صوبے کے تمام اضلاع افغان مہاجرین سے متاثرہ ہوئے ہیں۔ کمشنریٹ برائے افغان مہاجرین نے تعمیر و ترقی کے کام 2009 سے شروع کئے ہیں، اس میں صحت، تعلیم، تعمیر گلیات، آبنوشی و نکاسی آب، ہنر دستکاری وغیرہ شامل ہیں۔

(ii) تفصیل درج ذیل ہے:

سالانہ تفصیلات برائے منصوبہ جات برائے کمشنریٹ افغان مہاجرین۔

| S # | District | 2009 | 2010 | 2011 | 2012 | 2013 | 2014 | 2015 | Rs. (M) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | Abbottabad | 0 | 0 | 0 | 0 | 1 | 0 | 0 | 65 |
| 02 | Peshawar | 1 | 16 | 7 | 13 | 3 | 11 | 0 | 679.72 |
| 03 | Charsada | 1 | 0 | 3 | 2 | 0 | 0 | 0 | 63.99 |
| 04 | Nowshera | 2 | 13 | 0 | 5 | 1 | 9 | 0 | 326.11 |
| 05 | Mardan | 0 | 0 | 0 | 3 | 0 | 1 | 2 | 107.29 |
| 06 | Swabi | 0 | 0 | 0 | 1 | 2 | 4 | 0 | 66.76 |
| 07 | Bajor | 0 | 0 | 0 | 1 | 0 | 0 | 0 | 6 |
| 08 | Kohat | 0 | 0 | 1 | 6 | 0 | 0 | 0 | 104.07 |
| 09 | Hangu | 0 | 0 | 0 | 7 | 0 | 0 | 0 | 42.03 |
| 10 | Haripur | 3 | 7 | 1 | 1 | 2 | 7 | 0 | 257.6 |
| 11 | Mansehra | 0 | 0 | 0 | 6 | 1 | 2 | 0 | 133.17 |
| 12 | Swat | 0 | 0 | 9 | 2 | 0 | 0 | 0 | 152.69 |
| 13 | Buner | 0 | 0 | 0 | 2 | 0 | 0 | 0 | 35.24 |
| 14 | Malakand | 0 | 1 | 7 | 1 | 0 | 0 | 0 | 131.71 |
| 15 | Dir Upper | 1 | 0 | 9 | 3 | 0 | 0 | 0 | 163.99 |
| 16 | Dir Lower | 1 | 2 | 8 | 6 | 2 | 3 | 0 | 259.5 |
| 17 | Bannu | 0 | 0 | 4 | 11 | 0 | 0 | 5 | 145.47 |
| 18 | D I Khan | 1 | 0 | 1 | 2 | 0 | 0 | 0 | 46.92 |
| 19 | Laki Marwat | 0 | 0 | 3 | 9 | 0 | 0 | 0 | 81.1 |

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 20 | Tank | 0 | 0 | 1 | 2 | 0 | 0 | 0 | 41.03 |
| 21 | Chitral | 0 | 3 | 6 | 0 | 0 | 0 | 0 | 134.26 |
| | Total | 10 | 42 | 60 | 83 | 11 | 38 | 7 | 3044.7 |

2461 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیاوزیر جیلخانہ جات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ جیلخانہ جات میں کلریکل سٹاف کی سنیارٹی کی بنیاد پر بھرتی کی جاتی ہے؛

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران گریڈ1 سے گریڈ17 تک سنیارٹی کی بنیاد پر ترقی پانے والے کلریکل اور دیگر سٹاف کے ناموں کی تفصیل گریڈ وائز فراہم کی جائے، نیز جن جن ملازمین کو ترقی نہیں دی گئی ہے، ان کے نام اور ترقی نہ دینے کی وجوہات بھی بتائی جائیں؛

(ii) مذکورہ محکمہ میں کون کونسی پوسٹیں کب سے اور کیوں خالی ہیں، آیا محکمہ خالی پوسٹوں پر ملازمین کو ترقی دینے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

ملک قاسم خان خٹک (مشیر جیلخانہ جات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ محکمہ جیلخانہ جات میں کلریکل سٹاف کی سنیارٹی اور محکمانہ سروس رولز کے مطابق ترقیاں دی جاتی ہیں۔

(ب) (i) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ جیلخانہ جات میں گریڈ1 سے گریڈ17 تک ترقی پانے والے کلریکل سٹاف اور جن ملازمین کو ترقی نہیں دی گئی، ان کی تفصیل ایوان کو فراہم کر دی گئی۔

(ii) محکمہ ہذا میں کلریکل سٹاف کی ترقی کیلئے خالی آسامیوں کی تفصیل بھی ایوان کو فراہم کی گئی، محکمہ ارادہ رکھتا ہے کہ ترقی کیلئے تمام درکار دستاویزات مکمل ہونے کے بعد یہ معاملات عنقریب متعلقہ کمیٹی کے سامنے پیش کئے جائیں گے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم سپیکر!

محترمہ چیئرپرسن: نلوٹھا صاحب، اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم سپیکر! میں آپ کی توجہ ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ ممبران اسمبلی جب کوئسچنز بھیجتے ہیں تو دو مہینے یا ڈیڑھ مہینے کے بعد کوئسچن آتا ہے، جب اس کا جواب، کوئسچن کا دیا جاتا ہے اور اس میں کوئی ممبر مطمئن جب نہیں ہوتا ہے، وہ ضمنی کوئسچن کرتا ہے اور منسٹرز صاحبان حکومت کی یہ حالت ہے، یہ آپ دیکھیں تو منسٹرز صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں اور کنسرنڈ منسٹر جان بوجھ

کر جواب دینے کی بجائے وہ اسمبلی میں آتا ہی نہیں ہے۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ کوئسچنز اکثریت سے اپوزیشن کے ممبران اسمبلی کرتے ہیں اور انہیں مطمئن نہیں کیا جاتا اور میں یہ سمجھتا ہوں میڈم سپیکر صاحبہ، میڈم سپیکر صاحبہ! اگر حکومت کی یہ حالت ہے، حکومت کی عدم دلچسپی کی یہ حالت ہے تو پھر ہمیں کوئسچنز بھیجنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور میں اس پر احتجاجاً واک آؤٹ کر دیتا ہوں۔

(اس مرحلہ پر رکن اسمبلی، سردار اورنگزیب نلوٹھا ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

محترمہ مسند نشین: نہیں، یہ تو، شہرام صاحب! آپ اور حاجی صاحب! آپ بھی جائیں، ذرا جا کے نلوٹھا صاحب کو پلیز لیکر آئیں۔ اب ایک چیز میں آپ کو یہ بتاؤں کہ میری طرف سے اگر یہ ہے کہ آج پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے، حکومت ٹریژری بنچز کا اس میں کچھ بھی نہیں جانا، آج پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے، بڑے دنوں کے بعد آیا ہے تو میری استدعا ہے کہ اس چیز کو، کوشش کریں کہ آج پرائیویٹ ممبرز کا سارا ایجنڈا ہم کمپلیٹ کر لیں، میری یہ ریکویسٹ ہے۔ میں آئٹم نمبر تھری، اتنی دیر میں جا رہی ہوں تاکہ ہم ٹائم جتنا وہ ہوتا ہے، راضی نامہ۔

## اراکین کی رخصت

محترمہ چیئرپرسن: 'Leave Applications': چھٹی کی درخواستیں ان معزز اراکین نے بھجوائیں، درخواستیں ارسال کی ہیں، ان کے اسمائے گرامی ہیں: جناب محمد شیراز خان صاحب 13-08-2015؛ جناب سردار محمد ادریس صاحب 13-08-2015؛ جناب محمد علی صاحب، پارلیمانی سیکرٹری 13-08-2015؛ جناب فضل حکیم خان صاحب، ایم پی اے 13-08-2015؛ جناب سردار فرید صاحب، ایم پی اے 11-08-2015؛ جناب خلیق الرحمان صاحب، پارلیمانی سیکرٹری 13-08-2015؛ محترمہ رومانہ جلیل صاحبہ، ایم پی اے 07-08-2015 تا 13-08-2015؛ محترمہ خاتون بی بی صاحبہ، ایم پی اے 13-08-2015؛ جناب صالح محمد خان صاحب، ایم پی اے 13-08-2015؛ جناب انور حیات خان، ایم پی اے 13-08-2015؛ جناب جمشید خان صاحب، ایم پی اے 13-08-2015؛ جناب زاہد خان درانی صاحب، ایم پی اے 13-08-2015 تا 05-09-2015؛ یہ درخواستیں بغرض منظوری ایوان کو پیش کرتی ہوں، کیا ایوان اسے منظوری دے رہا ہے؟

(تحریک منظور کی گئی)

محترمہ مسند نشین: درخواستیں منظور کی جاتی ہیں۔ آئٹم نمبر چار پہ میں ایک، معزز اراکین اسمبلی! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ اسمبلی سیکرٹریٹ میں معزز اراکین اسمبلی کے بیرونی دوروں سے متعلق ایک کمیٹی بنائی گئی ہے۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر رکن اسمبلی، سردار اورنگزیب نلوٹھا واک آؤٹ ختم کرکے ایوان میں واپس آگئے)

Madam Chairperson: Welcome back Nalotha Sahib! Welcome back.

## محترمہ مسند نشین کی جانب سے ایک اعلان

محترمہ مسند نشین: میں اپنا جو یہ آئٹم نمبر 4 ہے، یہ دوبارہ Repeat کرتی ہوں تاکہ معزز ممبران کے نوٹس میں یہ بات آئے کہ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ اسمبلی سیکرٹریٹ میں معزز اراکین اسمبلی کے بیرونی دوروں سے متعلق ایک کمیٹی بنائی گئی ہے، اس سلسلے میں دوسرے معاملات کے علاوہ بیرونی دوروں پر ممبران اسمبلی کو بھیجنے سے پہلے اسمبلی سیکرٹریٹ میں پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف پارلیمنٹری سروسز کی مشاورت سے اور ان کی معاونت سے ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا ہے جو کہ 18 اگست 2015 سے یعنی صبح 10 بجے سے شروع ہوگی اور یہ تقریباً 20 تاریخ تک، 18 سے 20 تک رہے گی اور پھر اس کے بعد اس کا سیکنڈ فیز 24 سے 28 تک ہوگا اور آخر میں وہ آئی ٹی کی جو ہے وہاں پہ اسلام آباد میں ٹریننگ ہوگی، تو اسلئے آپ سب معزز اراکین اسمبلی کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس ٹریننگ میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں اور اس کے علاوہ ایک پروفارما جو کہ ہاؤس میں تقسیم کیا گیا ہے، اس کو بھی پر کرکے جلد از جلد اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کروائیں تاکہ آپ کا جو ڈیٹا اور سٹیٹسٹکس ہے، وہ کمپلیٹ ہو سکے۔ شکریہ۔

## مسئلہ استحقاق

محترمہ مسند نشین: آئٹم نمبر 5: جناب محمود جان! ایم پی اے صاحب، پریویلج موشن۔

جناب محمود جان: شکریہ، چیئرپرسن صاحبہ۔ 20 مئی 2015 رات کو میں نے ایس ایچ او۔۔۔۔

(شور)

Madam Chairperson: Order in the House, I want complete order in the House.

جناب محمود جان: 20 مئی 2015 رات کو میں نے ایس ایچ او ریگی خوشدل سے لائسنس دار اسلحہ پکڑنے پر بات کی جس پر انہوں نے بڑی بد تمیزی کے ساتھ بات کی اور فون بند کر دیا۔ اگلی صبح 21 مئی 2015 کو ایک پر امن جلوس لائسنس دار اسلحہ پکڑنے کے خلاف نکالا، ایس ایچ او متھرا عبداللہ جلال اس کارروائی کے دوران آئے جو بڑی بد تمیزی سے پیش آئے اور کہا کہ آپ ایم پی اے اپنے لئے ہیں، میرے لئے نہیں ہیں اور بہت نازیبا الفاظ استعمال کئے جس سے میرا اور پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہٰذا اس تحریک کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے اور ان دونوں کو فوری معطل اور Suspend کیا جائے۔ میڈم! ۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: جناب لاء منسٹر۔

جناب محمود جان: زه خبره کومه لږ۔

محترمہ مسند نشین: ان کا جواب لیں، اچھا یہ آپ بات کرنا چاہتے ہیں۔ محمود صاحب! تاسو خبره کوله، ډیټیل کښې خبره کول غواړئ؟

جناب محمود جان: جی زه خبره کوم، میډم!

محترمہ مسند نشین: (وزیر قانون سے) ان کا پہلے میں Point of view سن لوں، آپ بیٹھ جائیں۔

جناب محمود جان: میډم! مونږه خبره کوؤ چې زمونږ پولیس کښې ډیر زیات چینج راغلے دے جی، بالکل دیکښې څه شک نشته جی، زمونږ د آئی جی لیول نه واخله تر ایس پی لیول پورې زمونږ ډیر ښه افسران دی، هم هغه چې کوم مونږ د هغوی نه غواړو، توقعات دی، په میرټ او په قانون باندې کار کوی خو زمونږ د ډی ایس پی لیول نه واخله تر لاندې لیول پورې پولیس کښې جی هیڅ فرق نه دے راغلے، هم هغه تهانه کلچر تهانه راج دے، هیڅ فرق پکښې نشته جی، چې د یو ایم پی اے سره دوئ داسې سلوک کولے شی نو دا غریب عوام د علاقې چې دے هغه خو هغوی ته هډو د سره اول سړی نه ښکاری، انسان نه ښکاری، داسې رویه ورسره اختیاروی۔ زمونږ دا ایس ایچ او ریګی چې وو خوشدل خان، د الیکشن ډیوټئ دوران کښې ما هغه ویډیو سی سی پی صاحب له هم ورکړې وه او نورو الیکشن کمیشن له مو ورکړې وه چې دوئ باندې دا پابندی وه چې تاسو به پولنګ سټیشن کښې نه Enter کیږئ جی او د هغه پارټئ نامه نه اخلمه جی خو د یو پارټئ Candidate سره په پولنګ سټیشن کښې ولاړ وو او هغه تاپې ئے وهلې

او دے ورته ولاړ وو او یو ماشوم ورته په ویډیو ریکارډنګ کښې اووئیل چې ماما ویډیو د رنه کوی، احتیاط کوه نو دغسې افسران چې مونږ وایو چې زمونږ حفاظت به کوی، چې هغه خلقو سره ملاویږی نو هغه به څه اوکړی جی۔ بیا هم دغه رنګ زمونږ دا دویم ایس ایچ او عبدالله جلال صاحب چې هغه په متهره کښې ایس ایچ او تعینات کیدو، هغه وخت کښې د هغه رینک وو اے ایس آئی، اسسټنټ سب انسپکټر، ایس آئی نه اسسټنټ سب انسپکټر جی، آیا زه محکمې نه تپوس کوم چې مونږ سره انسپکټران او سب انسپکټرانو کمے دے چې یو نالائقه کس راپاڅوی او هغه ایس ایچ او جوړوی، چې هغه له د یو مشر سره د خبرو طریقه هم نه ورځی جی؟ که داسې خلق زمونږ مشری کوی او زمونږ د حفاظت د پاره وی جی نو بیا د الله زمونږ او د قوم مل شی جی۔ زه تاسو ته دا ریکویسټ کومه جی چې د دوئ خلاف سخت نه سخت کارروائی اوشی جی چې آئنده د پاره څوک راپاڅی نه او د یو ایم پی اے او د یو عام کس تذلیل نه کوی جی۔ بل یو ریکویسټ هم تاسو ته کومه جی، چونکه د پریویلج کمیټئ چیئرمین ډپټی سپیکر وی جی او زمونږ ډپټی سپیکر صاحب نشته جی نو که دا رنګې مونږ صرف تحریکونه پیش کوؤ جی او هغه بس پراته وی او تهانړې ته ځی او عمل پرې نه کیږی نو د دې نه څه فائده هم نشته جی، نو دغسې یو رولنګ ورکړئ چې یو سینیئر ممبر د کمیټئ چې کوم دے هغه د چیئر کولے شی او دا چې څومره پینډنګ کارونه دی، څومره هغه دی چې هغه هم په لاره باندې شی او کارونه اوشی جی۔ تهینک یو، جی۔

<u>محترمہ مسند نشین:</u> میڈم نگہت اورکزئی!

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> شکریہ میڈم سپیکر صاحبہ۔ سب سے پہلے تو آپ کو، اس Custodian of the House کی چیئر پہ آپ بیٹھی ہیں، آپ کو مبارک ہو۔

<u>محترمہ مسند نشین:</u> تھینک یو۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> آپ چونکہ اس دن موجود نہیں تھیں اور میں نے اس پہ بات کرنی تھی، میں ان کے پوائنٹ پہ بھی آنا چاہ رہی ہوں کہ آج اس ہاؤس میں یہ ثابت ہو گیا ہے کہ جب آپ اس چیئر پہ بیٹھی ہوئی ہیں کہ 99 Constituencies نہیں ہیں، ہم سب لوگ برابر ہیں اور یہاں پہ جتنی بھی مینارٹی اور لیڈیز کی

سیٹس ہیں کیونکہ اس عہدے پہ ہماری ایک معزز رکن اسمبلی جو ہیں، وہ اگر Custodian of the House کی چیئر پہ بیٹھ سکتی ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ اب مردوں کو اپنے دماغوں سے یہ بات نکال دینی چاہیئے کہ صرف مرد ہی اس اسمبلی کے ممبر ہیں، یہاں پہ عورتیں، مینارٹی، سارے جو ہیں وہ برابر ہیں اور آئندہ کیلئے اگر کسی نے بھی ہمیں 99، 99 کی بات کرنے کی کوشش کی تو پھر میڈم سپیکر موجود ہیں۔ میڈم سپیکر صاحبہ! میں اسی موضوع پہ آتے ہوئے جو میرے آنریبل ممبر زنے بات اٹھائی ہے، یہاں پہ جی، یہاں تبدیلی آئی نہیں، آگئی ہے، بالکل میڈم سپیکر کی جو انہوں نے چیئر سنبھالی ہے۔ میڈم سپیکر صاحبہ! یہاں پہ اگر آپ گیلری میں دیکھیں تو یہاں پہ تحریک استحقاق جب کسی محکمے کے خلاف آتی ہے یا کسی بھی ڈیپارٹمنٹ کے خلاف آتی ہے تو اس ڈیپارٹمنٹ کا کوئی نہ کوئی سینیئر آفیسر یہاں پہ موجود ہوتا ہے اور چونکہ میڈم سپیکر صاحبہ! آپ پارلیمان کا ایک، یعنی بہت عرصے تک آپ ایک حصہ رہی ہیں اور ابھی بھی ایک حصہ ہیں اور اس چیئر پہ بیٹھی ہوئی ہیں تو میرا خیال ہے آپ کی رولنگ کیونکہ دو سالوں سے تو ہم رولنگ سنتے آئے ہیں لیکن آج کی آپ کی رولنگ بہت اہم ہو گی کیونکہ یہاں پہ ہر سیکرٹری جو ہے تو وہ موجود ہونا چاہیئے، ہر ڈیپارٹمنٹ کے سیکرٹری کو، پولیس کے آفیسر ز کو اور دوسری میڈم سپیکر صاحبہ! ایک بات میں کہوں گی کہ ہمیں، جب ہم لوگ آتے ہیں، یہ میں پہلے بھی بار بار یہ نکتہ اٹھا چکی ہوں کہ ہمیں بہت زیادہ یہ آرمی کی جو چیک پوسٹس ہیں، اس پہ ہمیں بہت زیادہ تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ میڈم! وہ پوچھتے ہیں، آپ کہاں سے آئے ہیں، کارڈ دکھائیں، کہتے ہیں کہ نہیں یہ کارڈ تو ہم، نہیں یہ کارڈ تو کوئی بھی پھرا سکتا ہے، میڈم سپیکر صاحبہ! میں نے پہلے بھی سپیکر صاحب سے یہ ریکویسٹ کی تھی کہ خدا کیلئے آپ ان لوگوں سے بات کریں اور یا ہم لوگوں کو معزز یہ جو ہمارے کے پی کے کے لوگ ہیں، ان چیک پوسٹوں سے کیسے گزریں اور کیسے ان کی انا اور خودداری کو تکلیف نہ ہو کیونکہ آج ایک ایسا واقعہ ہوا ہے کہ ایک چیک پوسٹ پہ آرمی کے ایک سپاہی نے جو ہے تو 'ایکس' وزیر بھی وہ رہ چکا ہے، ملک ریاض اعوان اس کا نام ہے، آج اس کے کپڑے بھی پھاڑ دیئے، اس پہ بندوق بھی تان لی جبکہ وہ اپنے بچوں کو لینے کیلئے آرمی سکول سے وہ Pick کرنے کیلئے جا رہا تھا، تو اس کیلئے خدا کیلئے میں آپ سے ریکویسٹ کرتی ہوں کہ آپ ہی اس میں کچھ مطلب مداخلت کر کے اور ان لوگوں کو سمجھائیں کہ ہم بھی اس پاکستان کے شہری ہیں، ہم بھی اس کے پی کے کے محب وطن شہری

ہیں، اگر ہمارا داخلہ کینٹ پہ اور ان جگہوں پہ ہماری جان پہچان اور ہماری جو Identity اگر وہ نہیں پہچان سکتے ہیں تو کم از کم ان کے ساتھ ایک پولیس کا آدمی کھڑا کر دیں جو کہ سب لوگوں کو جانتا بھی ہو اور سب لوگوں کو پہچانتا بھی ہو کہ یہ آیا افغان ہیں، دہشتگرد ہیں یا پاکستانی ہیں یا خیبر پختونخوا کے شہری ہیں، تو اس میں مہربانی کریں آپ پلیز جی۔

محترمہ مسند نشین: تھینک یو، نگہت اور کرزئی صاحبہ! اس پریویلج موشن کے ساتھ اس کی Relevance صرف اتنی ہی ہے کہ وہ پولیس کے ایک انسپکٹر کے حوالے سے ہے اور آپ کا جو Concern ہے، وہ کنٹونمنٹ سے ہے اور آپ کو پتہ ہے کہ اس وقت Special consideration ہے For security concerns but we can take it up with the Station Commander تاکہ اس طرح کی چیزیں لیکن اب جب اس کی مکمل سٹوری آنے کے بعد ہی You can say, apparently بعض اوقات آپ کو On the face of کچھ اور لگتا ہے جب آپ ڈیٹیل منگوائیں گے، تو اس کی ہم ان سے ضرور ڈیٹیل مانگیں گے۔ اکبر حیات صاحب! آپ اسی کے بارے میں کر رہے ہیں یا آپ بھی مبارکبادی دیں گے۔

مولانا مفتی فضل غفور: میڈم سپیکر!

محترمہ مسند نشین: ایک منٹ، مفتی صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ ارباب اکبر حیات۔

ارباب اکبر حیات: جی جی شکریہ۔ میډم سپیکر! ښنګه چې جی دا محمود جان صاحب خبره اوکړه، دا بالکل حقیقت خبره ده خو زه افسوس سره دا وایمه چې دا پریویلج چې زما خیال دے، هفته لس ورځې مخکښې پیش شوے وو او پکار ده چې نن په دې ګیلرئ کښې کم از کم چې ډی آئی جی صاحب یا ایس ایس پی صاحب ناست وے نو د هغه به مونږ ته پته لګیده چې اؤ واقعی د دې خبرو دوئ ته احساس شته چې زمونږ په یو آنریبل ایم پی اے باندې چې کوم دے نو ظلم یا زیاتے شوے دے۔ میډم سپیکر! دیکښې زما په خیال زما دې ورور ډیر ښه پوائنټ اوچت کړو خو دیکښې د دوئ غلطی نشته چې یره ایس ایچ او صاحب داسې اوکړل، ډی ایس پی صاحب داسې اوکړل، ایس پی، دا ټوله غلطی د دې ګورنمنټ ده، دوئ داسې تاثر ورکړے دے بلکه د آئی جی پورې چې یره ایم پی

ایز چې کوم دے نو یره د ده هېڅ څه حیثیت نشته، که تاسو ته ایم پی ایز راځی دوئ Ignore کوئ، دوئ بې عزته کوئ، د دوئ Insult کوئ، تاسو ته څوک څه وئیلې نشی ځکه چې تاسو غیر سیاسی یئ۔ میډم سپیکر! دا هغه د تذلیل طریقه ده، دا به د دوئ غاړې ته پخپله پریوځی۔ جناب سپیکر! دا څه اپوزیشن سره دوئ څه ظلم نه دے کړے، دا د ټریژری بنچز یو غړے دے نو چې د ده Respect نه کیږی نو زه دا وایم چې زما په حلقه کښې چې کوم درې تهانړې دی، زما به څه حال وی؟ چونکه ما نه وئیل خو دا وخت اوس د موقعې نه به فائده واخلم۔ میډم سپیکر صاحب! ما تهانړې ته فون اوکړو یو درې ورځې مخکښې، ما وئیل یره دلته څلور شپږ تنان دی، سره د کلاشنکوفو ولاړ دی او څه مسئله ده، تاسو راشئ معلومات ئے اوکړئ، د ډیر وخت نه ناست دی، یوولس نیمو پورې جی ما فونونه کول، رانغلل، بیا ورته ما فون اوکړو د شکریې د پاره چې ستاسو ډیره مهربانی، تاسو رانغلئ، هغوی واپس لاړل، نو وائی څه وقوعه خو نه ده شوې چې مونږ راغلی وے۔ میډم سپیکر! نو چې وقوعه کیږی، وقوعې نه پس چې مونږ څوک مړه کړی، بیا به دوئ راځی؟ دا زمونږ د حکومت او زمونږ د دې پولیس دا حال دے۔ په هغه ورځ باندې زمونږ چیف منسټر صاحب د هغه شهدائے پولیس په ورځ باندې دومره تعریف د پولیس اوکړو، دومره تعریف د پولیس اوکړو چې پولیس ته نن محمود جان هم څه نه ښکاری، زما په خیال دا مونږ هم ورته څه نه ښکارو۔ زما په خیال دوئ Bound کول پکار دی چې کوم زمونږ لیګل رائټ دے، چې کوم زمونږ Genuine خبره وی، هغه به دوئ ډیر Respectable طریقې سره اؤری او کم از کم دا تاثر کوم چې تاسو ورکړے دے دې پولیس والا د پاره، دا تاثر ختمیدل پکار دی۔ میډم سپیکر! په تیر شوی حکومت کښې به دا مونږ اؤریدل چې یره د ایم پی ایز، مونږ نه هم خلق توقع لری، مونږ نه هم خلق طمعې لری، مونږ له خلقو ووټ د دې د پاره راکړے دے چې مونږ به هغوی له روزګار ورکوؤ، مونږ به د هغوی کارونه کوؤ۔ میډم سپیکر صاحبه! د غیر سیاسی پولیس په وجه باندې پولیس پخپله مرضئ باندې چې څومره اپوائنټمنټس دوئ کوی، هغه اپوائنټمنټس کوم چې د سپیشل فورس په شکل کښې دی، کوم چې څه پوښتنه ئے نشته، میډم سپیکر صاحبه! چې دا سپیشل فورس بهرتیانې هم اوس ډی ایس

پی، ایس ایچ او او ایس ایس پی په خپله مرضئ باندې کوی او زمونږ نه پکښې پښتنه هم نه کیږی نو زما په خیال زمونږ په دې ایوان کښې د ناستې څه مقصد نشته او که کښېنو نو د تذلیل نه سیوا بله خبره نشته۔ میډم سپیکر صاحبه، په دې باندې تاسو له رولنگ ورکول پکار دی چې یو خو په دې گیلرئ کښې پکار ده چې ناست وے ایس ایس پی یا ډی ایس پی ناست وے ، باوجود د دې چې هر ځل زمونږ سپیکر صاحب دا رولنگ ورکړے وو چې کله د چا سره Concerned سوال وی او هغه دلته حاضر نه وی، د هغه خلاف به مونږ ایکشن اخلو۔ دا زما خبره ده، ما ته پته ده میډم صاحبه! چې ان شاء الله ته به په دې باندې ښه دغه او کړې۔

محترمہ مسند نشین: تھینک یو، اکبر حیات صاحب۔ مفتی فضل غفور صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: Madam! I have a suggestion، یو تجویز جی زما ذهن کښې دے۔ میډم خبره اوکړله نگهت اورکزئی صاحبه نو دې چیک پوسټونو باندې که تاسو داسې هغوی ته دغه ورکړئ چې دا کوم گاډی باندې د اسمبلی سیکرټریټ چې کوم ټوکن دے ، دا پرې د پاسه لگیدلے وی جی نو زما په خیال کښې دا د پهچان د پاره د ټولو نه لویه خبره ده۔ که فرض کړه د کینټ د طرف نه کوم سټیکر ملاویږی، د هغې دومره Long pocedure دے جی، که د اسمبلی سیکرټریټ والا سټیکر چې کوم دے نو هغوی دغه کړی، Accept کوی د دغې علاقو چې کوم دے نو د داخیدلو د پاره، زما په خیال به یو اسانه طریقه وی جی۔ شکریه جی۔

Madam Chairperson: اچھا I would like to hear from the Law Minister, janab Law Minister Sahib.

جناب امتیاز شاہد(وزیر قانون): بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ سب سے پہلے تو میڈم سپیکر صاحبہ کو میں مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انتہائی اہم منصب پہ انہوں نے، عہدے پہ، منصب پہ، کرسی پہ، وہ چارج سنبھالا۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: بڑی مہربانی۔

وزیر قانون: اس کے بعد، اس کے بعد میں محمود جان صاحب کی اس تحریک استحقاق پہ سب سے پہلے آتا ہوں۔ اس میں شک نہیں ہے کہ خیبر پختونخوا کی حکومت نے، ایک واضح پالیسی ہے ہماری کہ ہم محکمہ پولیس

کے اس ادارے میں کسی قسم کی Interference نہیں کرتے، یہ سب پہ ثابت ہے لیکن اس کا مقصد ہر گز یہ نہیں ہے کہ ہماری پولیس ہمارے کسی بھی معزز رکن خواہ اس کا تعلق اپوزیشن سے ہے یا ٹریژری بنچز سے ہے، اس پہ ہاتھ ڈالے یا اس کی تذلیل کرے۔ تو اس سلسلے میں محمود جان صاحب چونکہ، جس دن یہ واقعہ ہوا تھا تو میرے ساتھ بذات خود یہ رابطے میں تھے اور میں نے اس وقت بھی انتہائی کوشش کی تھی کہ اس معاملے کو میں کسی طریقے سے Patchup کرلوں لیکن Unfortunately میں ناکام ہوا۔ اب جہاں تک اس استحقاق کا تعلق ہے، محمود جان صاحب ہمارے اس ایوان کے معزز رکن ہیں اور میں بحیثیت لاء منسٹر گورنمنٹ کی طرف سے اس استحقاق کو Fully سپورٹ کرتا ہوں، نہ صرف سپورٹ کرتا ہوں بلکہ میں کہتا ہوں کہ سب سے پہلے اس ایس ایچ او کو سسپنڈ کیا جائے، اس کے بعد یہ استحقاق آگے جائے۔ اس کے علاوہ مفتی صاحب نے کل پرسوں ہماری اسمبلی میں بونیر کے حوالے سے پولیس کے تشدد آمیز رویہ کے خلاف جو انہوں نے یہ کوسچن اٹھایا تھا پوائنٹ آف آرڈر پہ، اسی وقت بھی سپیکر صاحب نے کلیئر کٹ آرڈر دیا تھا لیکن پھر بھی اگر کوئی Ambiguity ہے تو ہم بونیر کے عوام کے ساتھ ہیں اور ان پہ جو ظلم تشدد کیا گیا ہے، اس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں اور فوری طور پر ایک ہفتے کے اندر اندر اس واقعے کی بھی رپورٹ جو ہے تو وہ ایوان کو پیش کی جائے۔

محترمہ مسند نشین: بہت شکریہ لاء منسٹر صاحب۔ بس تھوڑی سی اس میں وہ ہے، میرے کنفیوژن میں آپ نے اضافہ کیا ہے، سسپنشن کا آرڈر میں کروں گی یا آپ کریں گے؟

وزیر قانون: میں یہی کہتا ہوں کہ اس کو Already میں، آپ رولنگ دیں اور ہم سسپنشن جو ہے، تو وہ Implement کر دیں گے۔

محترمہ مسند نشین: بالکل بالکل، میں تو یہ ہاؤس کو Put کروں گی، اس کو ریفر کرنے کے حوالے سے سسپنشن کا فیصلہ آپ کریں گورنمنٹ کی سطح پر، اس پر میری رولنگ کی ضرورت نہیں ہے اور میں یہ بتانا چاہوں گی کہ یہاں پر پولیس کے کسی سینیئر آفیسر، (مداخلت) تشریف رکھیں، اس کی اسلئے ضرورت نہیں ہے کہ جب ہمارے پاس Matter آئے گا کوئی بھی، Police related ہو تو ہوم ڈیپارٹمنٹ کے Concerned person، اس کے تھرو جاتا ہے، تو ہوم ڈیپارٹمنٹ کے جو آفیشلز ہیں،

ان کو میں چیک کر رہی ہوں۔ ویسے تو آفیشلز کی تعداد بڑی ہی معدوم قسم کی ہے، مجھے بھی شرم آئی ہے لیکن میں ایک دفعہ آج ان کو دے رہی ہوں، مہمانی کرتی ہوں ان کی لیکن Next Time جس ڈیپارٹمنٹ کا یہاں پر Rota Day ہو، اس کے سینیئر ترین آفیسر اور اگر سینیئر ترین نہ ہو تو Second in Rank یہاں پر موجود ہو اور سیکرٹری کے آفس میں پہلے آکر اپنی Presence مارک کرنا، This is my ruling today، اگر وہ نہیں ہوگا تو If that officer is not there, the department concerned will be made responsible and that will be takenup then with the government for very strict action, disciplinary action against the concerned Secretary. اور میں آپ کو دوسری بات یہ بھی بتاؤں کہ یہ آپ لوگ جس کا Concerned relevant agenda ہے، چاہے وہ کوئسچن ہے، چاہے وہ کوئی موشن ہے، پریویلج، ایڈجرنمنٹ یا ریزولیوشن، Please take it seriously and don’t say کہ اگر یہاں پر ایک تھوڑی سی Relaxation آپ کو دی جاری ہے کہ آپ کے اوپر کام کا بوجھ ہے، This is the most important task, each one of us is accountable to the public of this Province. You are the public servants and we are the public representatives۔ پبلک ہماری طرف اپنے ایشوز کی Redressal کیلئے دیکھ رہی ہے، نوٹ کر رہی ہے۔ اگر آپ نے یہ والا کرنا ہے اور جہاں تک تعلق ہے تو میں یہ کوئسچن، پریویلج موشن ریفر کر رہی ہوں ہاؤس کو، جو بھی ہاؤس نے فیصلہ کرنا ہو۔

Is it the desire of the House that the privilege motion be referred to the Privilege Committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Madam Chairperson:</u> So the ‘Ayes’ have it, the ‘Ayes’ have it, the ‘Ayes’ have it and this is referred to the Privilege Committee and let me also give direction to the Assembly Secretariat because under rule 168, if the Secretary, if the Chairman is not available of any Committee, the Secretary can convene the Committee and fix the time for it under rule 168. So, I will ask the Secretary to convene this Committee meeting within 10 days time and any Member, Senior Member selected by the Committee will takeup this privilege motion. Item No. 6-----

(Interruption)

محترمہ مسند نشین: مفتی صاحب! بار بار Interject نہ کریں، پلیز خفا نہ ہوں۔ اچھا مفتی فضل غفور صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریہ میڈم۔ میں لاء منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہمارے مسئلے پر ایکشن لیا لیکن ساتھ ساتھ ایک گزارش اور بھی کرتا ہوں کہ ہمارے ایک آنریبل ممبر صاحب کی جس طرح Insult ہوئی ہے، اس طرح ہماری پوری قوم کی وہ جو ہوئی ہے تو اس پر بھی ایکشن لے کر اس ایس ایچ او کو فوری طور پر سسپنڈ کیا جائے Till جو Facts finding ہے، اس وقت تک اس کو فوری طور پر، اس کی مہربانی ہوگی۔

محترمہ مسند نشین: کونسا والا ہے، اسی، اسی کا؟

مولانا مفتی فضل غفور: جی جی، جی، وہ جو پرسوں تشدد ہوا تھا ہمارے احتجاجی مظاہرین پر، یہ بنیادی۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: وہ انہوں نے Already مجھ سے پہلے کہا ہے کہ ہم ایک ہفتہ پہلے، ایک ہفتے کے اندر اندر اس پر ایکشن لیں گے لیکن آپ آنریبل ممبر کی یہ درخواست ہے لاء منسٹر صاحب! کہ اس پر بھی ایکشن لیا جائے، تو پلیز برائے مہربانی گورنمنٹ کی اب یہ Prerogative ہے، You should take action، ہاؤس کی طرف سے آپ نے Sentiment دیکھ لی ہیں۔ لاء منسٹر۔۔۔۔۔

وزیر قانون: جی، میں ایک بار پھر یہ وضاحت کرتا ہوں کہ بونیر کے واقعے میں جو تشدد ہوا ہے، ہماری حکومت اس کو Fully condemn کرتی ہے اور ہرگز ہم یہ برداشت نہیں کر سکتے کہ غریب عوام پر تشدد کیا جائے، بیگناہ لوگوں کو مارا جائے اور بیگناہ لوگوں کی بے عزتی اور تذلیل کی جائے، تو اس سلسلے میں جو بھی متعلقہ ایس ایچ او ہے، میں اس کو سسپنڈ کرنے کے احکامات کرتا ہوں اور Similarly میں ایک بار پھر وضاحت کرتا ہوں کہ محمود جان صاحب کی جو تحریک استحقاق ہے کہ اس ایس ایچ او کو بھی سسپنڈ کرتے ہیں تا حکم۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: زبردست، محمود جان صاحب آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہ رہے ہیں لاء منسٹر صاحب کا۔ اچھا محمود جان صاحب۔

جناب محمود جان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

محترمہ مسند نشین: ایک منٹ سر! وہ موؤر ہیں، ان کی بات سنتی ہوں، آپ کی طرف آ رہی ہوں۔

جناب محمود جان: میڈم! میں شکریہ ادا کرتا ہوں لاء منسٹر صاحب کا لیکن ساتھ ساتھ یہ کوئسچن بھی کرتا ہوں، انہوں نے تو کہہ دیا کہ میں سسپنشن آرڈر جاری کر دوں گا لیکن یہ محکمہ، ڈیپارٹمنٹ جو ہے، سی ایم کے انڈر آتا ہے، یہ نہ ہو کہ یہ سسپنشن آرڈر جاری کریں اور اس پر عملدر آمد نہ ہو تو پھر بھی یہ اسمبلی کا استحقاق مجروح ہو گا اس سے، تو اسلئے میں اس کی وضاحت چاہتا ہوں، اس کی بھی۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: اچھا، میں منسٹر صاحب! آپ کے نوٹس میں ایک چیز لے آؤں کہ ڈیڈک ایکٹ کو دیکھیں، اس کی سیکشن 10 آپ دیکھیں، اس کو Already overriding effect حاصل ہے۔ Overriding جو آپ کا پوائنٹ ہے، اس میں وزن اسلئے ہے کہ ہمیں یہ بتانا پڑے گا کہ یہ Routed through it کا کیا مطلب ہے؟ کیا اس ڈیویلپمنٹل سکیم کی Approval ڈیڈک دے گی یا صرف ان کے نالج میں ہوگا تاکہ وہ Duplication نہ ہو؟ This needs to be explained کہ اگر ایک ڈیویلپمنٹل کام این جی او کر رہی ہے، آپ اسلئے اس کو ڈیڈک کے ذریعے لانا چاہ رہے ہیں تاکہ آپ کے نالج میں ہو اور کئی ایسے واقعے ہو چکے ہیں جو کہ مجھے اب یہاں پہ ضرورت نہیں ہے اس کی Relevance کی، بعض اوقات کسی ایک ایجنسی نے اس کو اپنے کریڈٹ میں لے لیا ہے تو یہ جو Routed through کا مطلب ہے، چونکہ آپ لائے ہیں، اس کی کوئی مجھے Reason and object بتا دیں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: یہ میڈم! یہ تقریباً جتنے بھی 24 ڈیڈک چیئرمین ہیں، ان کے ساتھ بیٹھ کر اور عنایت اللہ خان جو کہ منسٹر ہیں لوکل گورنمنٹ کے، ان کے ساتھ بیٹھ کر ہم نے یہ تیار کیا تھا اور اس کے نالج میں ہم یہ چیز لائے تھے اور پہلے یہ Agree ہو چکے تھے کہ یہ بالکل ٹھیک ہے کہ جتنی بھی این جی اوز۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: وہ تو انہوں نے ابھی بھی کہا ہے کہ وہ As a person وہ یہ کرتے ہیں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تو میں یہی کہہ رہا ہوں کہ یہ اس امنڈمنٹ کے ساتھ یہ Agree تھے اور اب بھی میرے خیال میں Agree ہیں۔ ہمارا مقصد میڈم! یہ ہے کہ District Advisory Committee ہے، وہاں پہ تین ایم پی ایز بیٹھے ہوتے ہیں، تو وہاں پہ ڈسٹرکٹ میں جتنی بھی این جی اوز ایسے ڈیویلپمنٹل کام کر رہی ہیں جو کہ ایم پی ایز کے نالج میں نہیں ہوتا اور نہ ڈیڈک کمیٹی کے نالج میں ہوتا ہے۔ جب ان سے پوچھا جاتا ہے کہ وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم ان کے Under ہیں ہی نہیں، ہمارا آپ کے ساتھ کوئی کام ہی نہیں ہے، تو ایک Being an Advisory Committee Chairman یا ڈیڈک کمیٹی جب اس کے نالج میں یہ چیز بھی نہ ہو کہ یہ کون کر رہا ہے، یہ کس پراجیکٹ سے ہے یا کیا ہے؟ اور بہت بڑے بڑے پراجیکٹس ہیں کروڑ بلین، ملین کے حساب سے، وہ پراجیکٹس وہاں پہ ڈسٹرکٹ میں کر رہے ہیں اور کسی کے نالج بھی نہیں ہوتا۔ تو ہماری یہی ریکویسٹ ہے کہ وہ جو آپ بتا رہے ہیں کہ ایسی این جی اوز جو کہ کہہ رہی ہیں کہ یہ خیرات والی ہیں، وہ خیرات، جو گورنمنٹ کے پراجیکٹس ہیں یا این جی اوز کے بڑے بڑے پراجیکٹس ہیں، اس میں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے کہ آپ کے پاس۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: منور خان صاحب! Routed کا کیا مطلب ہے؟ یہ Approval دے گی، ان کی ڈیویلپمنٹ کے کاموں کی ڈیڈک؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: Routed کا مطلب یہی ہے میڈم! کہ ہماری ڈیڈک کمیٹی کے اس میں لے آئیں کہ یہ پراجیکٹس ہم اپنے ڈسٹرکٹ میں شروع کر رہے ہیں، کون کونسے پراجیکٹس ہیں تاکہ ڈیڈک کمیٹی کے نالج میں یہ باتیں ہوں۔

محترمہ مسند نشین: تو آپ Refuse بھی کر سکتے ہیں کہ یہ ہم نہیں کر سکتے، این او سی یا ان کو۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): یہ طریقہ تو۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: ایک منٹ، یعنی اس کو یہ پروویژن بھی ہے کہ ڈیڈک ان کو Refuse کر سکے (شور) Order in the House۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میڈم! یہی، یہی میرے، سب کے نالج میں، جتنے بھی ایم پی ایز بیٹھے ہیں، ہر ڈسٹرکٹ میں ڈیڈک چیئرمین جو ہوتا ہے، اس کے ساتھ تین ممبرز بھی ہوتے ہیں، تین ایم پی ایز ہوتے ہیں اور یہ سارے، ان کے نالج میں یہ چیز آجاتی ہے کہ یہ یہ۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: اچھا، اس میں ایک اور Scenario بھی دیکھ لیں، اگر ایک این جی او ہے، وہ کوئی گورنمنٹ کی ایجنسی تو ہے نہیں، Non-governmental ہے، وہ اگر آپ اس کے اوپر اتنا Red-tapism ڈالیں گے کہ یعنی یہ والا بھی اور وہ بھی، تو وہ کہیں گے ہم فنڈ ہی نہیں لاتے ہیں، چلو اپنا کام کرو۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نہیں میڈم! ایسی تو یہ تو۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: اگر ایسا ہو تو پھر اس کا کیا ہو سکتا ہے، آپ کو یہ Repercussions کیلئے کہتے ہیں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میڈم! این او سی تو گورنمنٹ دیتی ہے ناں اس کو جب صوبے میں کام کرتی ہے، این او سی کون دیتا ہے؟

محترمہ مسند نشین: این او سی تو دیتے ہیں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تو این او سی جب وہ دیتے ہیں تو وہ گورنمنٹ کے انڈر ہو گئے نا؟

محترمہ مسند نشین: اچھا، یہ میڈم مہر تاج کی بات بھی سن لیں، بیٹھیں، تشریف رکھیں۔ میڈم مہر تاج روغانی جو ہیں Concerned Minister ہیں۔

محترمہ مہر تاج روغانی (معاون خصوصی برائے سماجی بہبود): تھینک یو، میڈم سپیکر۔ میں تو یہ حیران ہوں کہ این جی اوز کی بات ہو رہی تھی اور منور خان صاحب اور عنایت صاحب نے ڈسکس کی اور سوشل ویلفیئر کے انڈر جو یہ رجسٹرڈ ہوتی ہے، مجھے کسی نے بتایا نہیں، ان دونوں نے کیا باتیں کیں I don't know, anyway whatever it is, my sort of, you know, not question but suggestion is that جو عنایت صاحب نے کہا، وہ ٹھیک کہا ہے، وہ اپنی جگہ منور صاحب ٹھیک کہہ رہے ہیں لیکن My feeling is that if یہ جو ہے سارے این جی اوز There are so many

NGOs، وہ اب ڈیڈک کے تھرو جیسے میڈم سپیکر کہہ رہی ہیں کہ Routed through, still I don't know what is routed through? جیسی وہ آپ سے بار بار پوچھ رہی ہیں، اگر All the NGOs routed through the DDAC, honestly you wouldn't have a second to do your job، آپ سارے این جی اوز میں پھنس جائیں گے، ڈیڈک آپ کی رہ جائے گی، نمبر ون۔ نمبر ٹو As for as their monitoring، اوکے Agreed, کہ ان کی Strict monitoring ہونی چاہیئے، ان کی Strict supervision ہونی چاہیئے، اس کیلئے کیا طریقہ اختیار کریں، اس کے ساتھ میں Agree کرتی ہوں لیکن Not the one کہ It should be routed through, that is not agreeable.

<u>محترمہ مسند نشین:</u> اچھا میڈم! میں Clarify کردوں، آپ کے ساتھ چونکہ اس کی Direct relevancy نہیں ہے لوکل گورنمنٹ کے ایکٹ کے اندر، یعنی ان کے حوالے سے یہ ہے کہ یہ Inayatullah Sahib was the relevant person، اس میں این جی اوز کے حوالے سے یہ نہیں ہے کہ این جی او کام کرے نہ کرے ورنہ یہ Directly آپ تک آتا۔ تو یہ 23 اپریل کو Introduce ہوا تھا، And you have the copy with you، جو ان کا پوائنٹ ہے کہ ڈیڈک جو کہ ویسے District Development Advisory Committee ہے، ممبرز آنریبل ممبرز ہیں، ان کو Loop میں رکھنے کیلئے اس کمیٹی کو Already آپ کو پتہ ہے کہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے جو چیئرمین ہیں، وہ بھی Co-opted member ہیں، اسی Change میں آپ دیکھیں، اوپر جو ہے آپ نے جو ابھی Approval دی ہے، اس میں آپ نے ان کو دے دیا ہے سٹی ناظم اور تحصیل ناظم، ٹاؤن ناظم کو بھی آپ نے کہا کہ وہ بھی Co-opted members ہوں گے اس کمیٹی کے، این جی اوز کے حوالے سے، یہ اسلئے مانگ رہے ہیں کہ جو ڈسٹرکٹ میں ڈیویلپمنٹ کا کام ہو رہا ہے، وہ ڈیڈک کو پتہ ہو۔ اب اس میں صرف منسٹر صاحب کی بات میں دوبارہ Repeat کروں گی، وہ یہ کہتے ہیں کہ اس کی Repercussions کو دیکھ لیں، کل ڈسٹرکٹ گورنمنٹس آئیں گی، In picture، پھر وہ بھی اس میں ہوں گی، کہیں بھی جہاں پہ Diarchy create ہو گی، دو طاقتیں آپ بنا دیں گے، وہاں پہ آپ کو کوئی نہ کوئی پرابلم ہو سکتا ہے، اسلئے

اس پر سیر حاصل ڈیبیٹ ہونا ضروری ہے۔ سینیئر منسٹر لوکل گورنمنٹ۔ میڈم! میں آپ کو بھی دیتی ہوں ٹائم۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میں میں، میڈم سپیکر!

جناب محمود احمد خان: میڈم سپیکر! میں۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: ایک منٹ سر! یہ میں منسٹر صاحب کی بات سنوں، آپ کو دیتی ہوں۔ یہ بہت Important relevant issue ہے، اس پہ کوئی جلدی نہیں کرتے ہیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میڈم سپیکر! میں یہ کہنا چاہتا ہوں، میں نے ان کو Explain بھی کیا کہ اگر آپ کی Proviso ڈالتے ہیں یا Explanation clause ڈالتے ہیں اور اس کے اندر Explain کرتے ہیں کہ جو فنڈنگز اکنامک آفیئرز ڈویژن کے تھرو آتی ہیں، اس کے تھرو، اس کے چینل سے آتی ہیں، ایسی بھی این جی اوز ہیں، حکومتی Ambit میں جو ہوتی ہیں، وہ تو اکنامک آفیئرز ڈویژن آتی ہیں یا وہ ہوتی ہیں کہ جس میں جو حکومت کے بجٹ میں آتی ہیں لیکن اس کو این جی اوز کے طریقے پر خرچ کرتے ہیں یا وہ ہوتی ہیں کہ جس میں حکومتی Counterpart funding ہوتی ہے یا وہ ہوتی ہیں کہ جو حکومت یعنی کسی نہ کسی طریقے سے حکومت کی اس میں وہ ہوتی ہے، وہ اگر روٹ کی جائے تھرو DDAC اور روٹ، اس میں اگر DDAC کے نالج میں لایا جائے تو میرے خیال میں اس میں کوئی وہ نہیں ہے لیکن آپ Absolutely اگر یہ کام کریں گے تو میں اس کی Repercussions دیکھتا ہوں، This is my responsibility، میں As In-charge Minister, this is my responsibility، یہ میرے Colleagues ہیں، ہماری اس کے اوپر ڈسکشن ہوئی ہے، میں ایم پی ایز کی عزت بھی چاہتا ہوں، ڈیڈک کو Powerfull بھی چاہتا ہوں، بالکل اس سے میرا کوئی اختلاف نہیں ہے لیکن یہ میری Responsibility ہے کہ جو میرے سامنے خدشے ہیں، وہ میں ایوان کے سامنے Explain کروں اور جو مجھے اس کے اندر Loopholes نظر آتے ہیں، وہ میں Explain کروں۔

محترمہ مسند نشین: اگر ہم اس کو، منسٹر صاحب! اس کی آپ Exact wording پڑھیں، اس میں لکھا ہے:

"Provided further that all developmental schemes executed through non-governmental organizations, NGOs, shall be routed

تو through the DDAC Committee in order to avoid any duplication"

اگر For information ان کو Inform کرتے ہوئے یہ بتا دیا جائے ڈیڈک کو کہ یہ کمیٹی ہم Execute کر رہے ہیں، اس میں Permission یا این او سی یا وہ چیز نہ رکھی جائے، Any project that is being executed یہ دیکھ لیں آپ، شاہ فرمان صاحب! میری (مداخلت) میں آپ کو دے رہی ہوں ٹائم، ایک منٹ جی، محمود خان! دو منٹ ٹھہریں، ون بائی ون۔ شاہ فرمان صاحب کا مائیک آن کریں۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): شکریہ، میڈم سپیکر۔ اس کے اندر کئی سوالات ہیں۔ لوکل گورنمنٹ کے آنے کے بعد ایک تو اس کے اندر Three tiers ہیں کہ ڈسٹرکٹ کے اپنے فنڈز ہوتے ہیں، تحصیل ٹاؤن کے اپنے ہوتے ہیں، ویلج کونسل کے اپنے ہوتے ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ این جی اوز، بہت جگہوں پر یہ شکایات ایسی آئی ہیں کہ کہیں کام این جی او نے کیا ہے اور اس پر کسی اور نے اس کو Measure کیا ہے کہ یہ کام ہم نے کیا ہے اور Vice versa بھی ہے کہ اگر کہیں این جی او کے اندر بھی فرشتے نہیں ہیں کہ کہیں انہوں نے کام کیا، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ نے کیا اور این جی اوز نے اس کے اوپر، چونکہ پتہ نہیں، Verification process ہے نہیں، ہم این جی اوز کے ساتھ چیک نہیں کر سکتے، این جی اوز ہمارے ساتھ چیک نہیں کر سکتے تو اس میں یہ چیزیں موجود ہیں، ایک بہت بڑا عنصر کرپشن کا۔ دوسری بات یہ ہے کہ این جی اوز کی طرف سے بھی کئی دفعہ وہ اپنے پیپرز میں لکھ جاتے ہیں کہ ہم نے اتنا کام اس جگہ پر کیا، اتنا کام اس جگہ پر کیا، کام انہوں نے کیا نہیں ہوتا، مصروف کسی اور کام میں ہوتے ہیں اور ان کے کاغذات کے اندر اتنے ڈیویلپمنٹل یا سوشل ویلفیئر کے پراجیکٹس ہوتے ہیں جس کے اوپر وہ پیسے Draw کرتے ہیں، یہ بھی غلط ہے۔ تو میڈم سپیکر! ایک تو یہ۔ ایک تیسرا پوائنٹ، اکثر دیکھتے ہیں کہ ایک این جی او کہیں ایک ہینڈ پمپ وہ لگا رہے ہوتے ہیں، ان کا پریشر پمپ دس لاکھ کا ہوتا ہے کہ جہاں پر آپ دو لاکھ یا ڈھائی لاکھ کا جو ہمارے ہاں، ان کا پریشر پمپ دس لاکھ کا ہوتا ہے تو اس کے اوپر بھی سوچنا چاہیئے کہ کہاں سے، اور Substandard چیزیں بھی آجاتی ہیں کہ جی عام لوگوں کے اندر یہ Perception ہے کہ یار یہ تو تین مہینے میں یہ چیز خراب ہو جائے گی، یہ این جی او نے بنائی ہے یا اگر لوگوں کو یہ شک ہو کہ یہ اگر لوکل

گورنمنٹ یا پبلک ہیلتھ کے ذریعے جو ہینڈ پمپ، پریشر پمپس لگ رہے ہیں، اگر یہ این جی اوز کے ہیں تو یہ تو بڑے جلدی خراب ہو جائیں گے۔ تو میڈم سپیکر! میرا خیال یہ ہے کہ نمبر ون یہ چیزیں Establish ہونی چاہئیں کہ کسی نے اگر کام کیا ہے تو واقعی کیا ہے؟ اگر کیا ہے تو کس سٹینڈرڈ کا کیا ہے؟ تاکہ ہم چیک اینڈ بیلنس رکھیں، ہمیں پتہ ہو اور یہ بھی عجیب سی بات ہے کہ کوئی آکر اس ملک کے اندر آرام سے کہے کہ میں کام، مجھے دنیا کا وہ ملک بتا دیں جہاں ہم پیسے لے جا کر اپنی مرضی سے کچھ کرنا شروع کر دیں؟ یہ نہیں ہو سکتا کہ میں جا کر کہوں چونکہ میں اچھا کام کر رہا ہوں، ڈیویلپمنٹل کام کر رہا ہوں، سوشل ویلفیئر کا کام کر رہا ہوں، لہذا مجھ سے نہ پوچھا جائے۔ میں سمجھتا ہوں میڈم سپیکر! کہ Strictly پتہ ہونا چاہیئے کہ کونسی این جی او ہے اس کے اندر، اس کو اتھارٹی یا اجازت کس کام کی ہے؟ اگر ہے تو اس نے کتنا کام کیا ہے؟ اگر جتنا کام کیا ہے، کہاں کہاں کیا ہے؟ جدھر جدھر کیا ہے، کیا اس نے کوالٹی کام کیا ہے یا نہیں کیا؟ (تالیاں)
اگر ان سوالات کے جوابات نہیں ہیں تو یہ غلط ہے اور اگر ڈیڈک کے تھرو یہ Ensure ہو جاتے ہیں، میڈم سپیکر! یہ ضرور ہونا چاہیئے۔

<u>محترمہ مسند نشین:</u> نہیں، یہ بہت اچھی آپ نے، شاہ فرمان صاحب! لیکن (تالیاں) شاہ فرمان صاحب! شاہ فرمان صاحب! آپ اس میں میرا پرابلم حل کریں Routed through-----

<u>وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ:</u> Routed-----

<u>محترمہ مسند نشین:</u> تو اس کا کیا مطلب ہے، وہ Explain کر دیں؟

<u>وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ:</u> میں جو سمجھتا ہوں، میں جو Interpret کرتا ہوں ان الفاظ کو، میں Interpret کرتا ہوں Approval کیونکہ جب آپ کی Approval ہو جاتی ہے، وہ آپ کے Routed، اب ڈیڈک کو پتہ ہے کہ اتنا فنڈ اس Constituency میں گیا اور اس کام کیلئے گیا، ٹھیک ہے، تو ادھر سے جب ڈیڈک کے پاس یہ چیز ہو گی کہ One million rupees for this purpose تو آپ اس کا آڈٹ کروا سکتی ہیں، آپ اس کو چیک کروا سکتی ہیں، Approval اگر اس ڈیڈک کے اوپر-----

<u>محترمہ مسند نشین:</u> آپ نے تو، وہ فنڈ ہی نہیں ہے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں نہیں، نہیں نہیں۔ میں، این جی اوز جو بھی فنڈ لگوانا چاہیں۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: میری بات سنیں نا۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں نہیں، این جی اوز کے پاس جتنا فنڈ ہے، وہ لگوانا چاہتی ہیں، وہ Intimate کریں ڈیڈک کو۔

محترمہ مسند نشین: اس کیلئے تو پھر آپ کو بڑی Detailed specification کرنی چاہیئے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں، لیکن ایک، ایک بات میڈم سپیکر!

محترمہ مسند نشین: آپ خود دیکھیں نا۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں نہیں، میڈم سپیکر! میں یہ کہہ دوں کہ اگر ہم اس کے اوپر جائیں کہ پراسیس لمبا ہو جائے گا یا بڑا ٹائم لگ جائے گا۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: نہیں نہیں، میں یہ نہیں کہہ رہی، میں یہ نہیں کہہ رہی ہوں، آپ پلیز سمجھیں۔ Routed through سے آپ نے ساری باقی کہانی خود اپنی طرف، کہیں کسی ڈکشنری میں دیکھیں، Routed through کا یہ مطلب ہے؟

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں نہیں، Routed through کا مقصد یہ ہے کہ جس طرح ہم بناتے ہیں، ایک پروگرام بناتے ہیں، فنڈ دیتے ہیں، ڈیڈک Approval دیتی ہے، این جی اوز اپنا پروگرام بنائیں، اپنا فنڈ Show کریں، ڈیڈک سے Approval کا مطلب یہ ہے کہ اس کا جو پروگرام ہے، جو فنڈ ہے، جتنا وہ خرچ کرتے ہیں، جدھر وہ خرچ کرتے ہیں، وہ ڈیڈک ان کو Approval دے دے گی، اس کا مسئلہ نہیں ہوگا۔

محترمہ مسند نشین: تو یہ چیزیں Specifically لکھیں نا؟

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: تو اس کا مطلب۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: مطلب ہے، میرا پوائنٹ یہ ہے کہ جو، (مداخلت) میری بات سنیں، ایک منٹ، سر! ایک منٹ، آپ اس میں، لاء میں جب کوئی این جی او اپنا فنڈ Approve کرتی ہے اپنی آرگنائزیشن سے، ٹھیک ہے، این او سی وہ لیتی ہے پراونشل گورنمنٹ یا ای اے ڈی کے تھرو اس کی جس طرح منسٹر صاحب نے کہا، اب فنڈ آپ کا آگیا، اب آپ یہ کہتے ہیں کہ جب وہ اپنی Approval لیکر آتے ہیں،

پراونشل گورنمنٹ سے این او سی لے لی تو آپ کے پاس لاء میں، پھر آپ جو کہ نان گورنمنٹل، میں میڈم معراج سے بھی سننا چاہوں گی، آپ سن لیں اس کو۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں، میں صرف، میں اس کے اوپر یہ Comment کرنا چاہوں گا۔

محترمہ مسند نشین: صرف ڈیڈک میں یہ لفظ آنے سے کیا سب چینج ہو گیا جی؟

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں نہیں، نہیں، کیونکہ ڈیڈک کے اندر، نہیں، ڈیڈک کے اندر یہ اسلئے ضروری ہے، میں-----

محترمہ مسند نشین: حاجی صاحب! تاسو له ټائم درکومه کنه۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میں Attention چاہتا ہوں۔

محترمہ مسند نشین: ایک منٹ، یہ بات سن لیں، بہت Relevant مسئلہ ہے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: ڈیڈک، دیکھیں Approval اگر آپ کہیں ایسی جگہ سے لیں، اگر کہیں ایسی جگہ سے آپ Approval لیکر Approval کے بعد وہ چیز ہی غائب ہو جائے، آپ کو پتہ ہی نہ ہو کہ یہ کدھر ہوا ہے، کیسے ہوا ہے؟ میڈم سپیکر! مسئلہ یہاں-----

محترمہ مسند نشین: تو اس کیلئے یہ ہو سکتا ہے کہ اگر ان کو یہ کہیں کہ جس طرح یہ Word ہے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میڈم سپیکر! ایک منٹ۔

Madam Chairperson: Provided further that any developments-----

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: یہ Correct کر لیں گے، پہلے Concept میں Explain کردوں، یہ Correct کر لیں گے، اگر اس کے اندر کہیں کمی ہے تو اس کے اوپر بات ہو سکتی ہے لیکن یہ ہے کہ بہت سی جگہوں پر تو ایسا ہے کہ این جی اوز آن پیپر ہیں، ان کے کاغذات میں کچھ اور لکھا ہوا ہے، کرتے وہ کچھ اور ہیں۔ تو اگر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم نے یہ کیا ہے تو اس کی کوئی تو Verification ہو، میں اسی لئے کہتا ہوں۔ بجٹ تو یہاں سے منظور ہو جاتا ہے، اگر یہاں سے بجٹ منظور ہو جاتا ہے تو اس پر ڈیڈک کی کیا گنجائش ہے؟

محترمہ مسند نشین: تو اس کیلئے اگر ہم اس ہاؤس کی ایک کمیٹی بنا دیں۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: بالکل۔

محترمہ مسند نشین: Vigilance Committee،اس ہاؤس کی کوئی ایک سکروٹنی کمیٹی جو تمام این جی اوز جو کام کر رہی ہیں،ان کی Validity چیک کرے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں نہیں۔

محترمہ مسند نشین: تو پھر تو ان کو بھی آسانی ہو جائے گی۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں، میڈم سپیکر! اس سے میں اسلئے اختلاف کرتا ہوں۔

محترمہ مسند نشین: آپ بیٹھیں، میں آپ کی طرف ہی آؤں گی،اور جو آپ لوگ کریں گے،اس کے مطابق ہو گا۔ میں ان کا پوائنٹ آف ویو سن رہی ہوں۔ گل صاحب خان! ته کبنینه، سلطان صاحب! کبنینئ۔ میرے پاس اورنگزیب نلوٹھا صاحب ہیں،ان کو میں دوں گی پہلے ٹائم، میڈم معراج کو دوں گی، ارباب اکبر حیات کو دوں گی، محمود خان کو دوں گی، پھر آپ کو بتاتا ہوں جی۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں نہیں، میڈم، نہیں میڈم سپیکر! میری Argument یہ ہے، میری Argument یہ ہے کہ اگر۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: نماز کا ٹائم ہے، میں بریک بھی کرنے والی ہوں۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: آپ جدھر سے بھی، آپ جدھر سے بھی Approval لے لیں، جو کوسچنز میں نے Raise کئے ہیں،وہ اگر Verify کرنا چاہتی ہیں کہ کیا کام کیا ہے کہ نہیں، کتنا کام کیا ہے، کدھر کیا ہے، سٹینڈرڈ کا کیا ہے یا نہیں کیا؟ کہیں لوکل گورنمنٹ کی اتنی، یہ ڈیڈک کے تھروVerify ہو سکتا ہے۔ آپ کسی بھی جگہ سے اس کو Approval دے دیں،اس باڈی کے پاس وہ Verification کی جگہ نہیں ہو گی۔

(تالیاں)

محترمہ مسند نشین: اورنگزیب نلوٹھا صاحب! آپ اپنا پوائنٹ بیان کریں، میں نماز کیلئے بریک کروں گی We will continue with the discussion.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی، میں بالکل بہت شارٹ بات کروں گا۔ میری بات شاہ فرمان صاحب نے کہہ دی اور آج بہت اچھی بات انہوں کی ہے۔

محترمہ مسند نشین: باتیں اچھی کی ہیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم! اس طرح ہے کہ ڈیڈک کمیٹی کا ایک فورم ہے اور اس میں تمام سکیموں کے اوپر ڈی ڈی سی ہوتی ہے ہر سکیم کے اوپر، میں آپ کو بتاؤں کہ میں نے خود جو دیکھا ہے، ایک ہینڈ پمپ کے اوپر ایک تختی لگی ہوئی تھی، اس کے اوپر ایک اور تختی لگی ہوئی تھی کسی اور این جی او کی۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: اچھا جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اور اس کے اوپر ایک ایم پی اے کی تختی لگی ہوئی تھی، تو ایک بندے نے ادھر اس کے اوپر پاؤں رکھا تو وہ تختی گر گئی، نیچے سے جب اس نے دیکھا تو دوسری تختی لگی ہوئی تھی، SRSP ایک این جی او ہے، اس کی، تو میں نے کہا اس کو بھی اکھاڑو، جب انہوں نے اس کو اکھاڑہ تو نیچے Sungi Foundation بھی تھا۔ تو یہ دیکھیں، ایک سکیم کے اوپر تین این جی اوز کے، تین اداروں کے پیسے لگے ہوئے تھے۔ جب آپ اس کو ڈیڈک میں رکھیں گے، سکیموں کو ڈیڈک میں رکھیں گے تو وہ ایک ایک سکیم کے اوپر انکوائری ہو گی۔ ایک کرپشن کے خاتمے کا بہت بڑا جو ہے (تالیاں) یہ کرپشن کا خاتمہ ہو گا۔ اسلئے یہ بہت ضروری ہے میڈم! اس کے اوپر جو ہے، یہ ہونا چاہیئے۔

محترمہ چیئرپرسن: اچھا میڈم معراج! پلیز مختصر اپنا پوائنٹ آف ویو دیں، مختصر، بہت Precise دیجیئے گا۔

(عصر کی اذان)

محترمہ چیئرپرسن: میڈم معراج! میڈم معراج ہمایون خان۔

محترمہ معراج ہمایون خان: ډیره مهربانی سپیکر صاحب۔ I am happy that you have given me time، آپ مجھے تھوڑا ٹائم دے رہی ہیں لیکن یہ ایک ایسا نکتہ ہے، یہ ایک ایسا ایشو ہے کہ اس پر بہت تفصیلی بات چیت ہونی چاہیئے۔ میں Agree کرتی ہوں اس پر بھی کہ ڈیڈک کے پاس ہونا چاہیئے اور Duplication نہیں ہونی چاہیئے لیکن It's a fact کہ NGOs are registered NGOs are registered under certain Acts and certain regulations اور and certain legislation، تو جب تک وہ ہم نہ دیکھیں Because the monitoring and the reporting systems are already in place for NGOs اور گورنمنٹ کے اپنے ہی یہ بلز ہیں اور گورنمنٹ کی اپنی Restrictions ہیں، تو One تو یہ ہے کہ Without looking at

ایک ایکٹ میں لانا وہ میرے خیال میں اتنی ٹھیک بات نہیں ہے، those amendments
Everything has to be taken together۔ سیکنڈ، جیسا کہ این جی اوز ایک (قسم کی) این جی اوز نہیں ہوتیں، NGOs are of different kinds, there are National NGOs, there are Provincial NGOs, Regional NGOs then there are CBOs which are working at the street level تو ان کو آپ کیسے پابند کر سکتے ہیں کہ آپ کا یہ ہے؟ این جی اوز کی مانیٹرنگ اور این جی اوز کی رپورٹنگ جہاں پر وہ رجسٹرڈ ہیں، ان کا کام ہوتا ہے کہ وہ دیکھیں کہ این جی اوز ٹھیک کام کر رہی ہیں کہ نہیں کر رہی ہیں؟ اگر پچھلی حکومتوں نے یہ نہیں دیکھا تو وہ ان کی غلطی ہے۔ اب ڈاکٹر مہرتاج Properly ان کو دیکھ رہی ہیں، سوشل ویلفیئر ایک محکمہ ہے جو رجسٹرڈ کرتا ہے، انڈسٹریز میں بھی Under Societies Act این جی اوز رجسٹر ہو رہی ہیں، اب ای اے ڈی کے پاس رجسٹرڈ ہو رہی ہیں۔ تو Already اتنے مرحلے ہیں Through which the NGOs pass
Pakistan comes at the top internationally, کے حوالے سے Philanthropy۔ in Charity جیسے عنایت صاحب نے کہا کہ لوگ we are very good with giving money اور وہ جمع کر کے کہیں یونیفارم تقسیم ہو رہے ہیں، کہیں سکول بکس تقسیم ہو رہے ہیں تو You can not control اور As a principle also the private sector should not be so strictly controled، کہ پرائیویٹ سیکٹرز رہے ہی نہیں، پرائیویٹ سیکٹرز اور سول سوسائٹی کو Encourage کیا جاتا ہے اور ممالک میں کہ سول سوسائٹی اگر Vibrant اور Strong ہو تو وہ گورنمنٹ پر ایک چیک اور بیلنس رکھ سکتی ہے تو وہ کرپشن اور اس کا خاتمہ ہو سکتا ہے تو This needs a، Bigger ایک کمیٹی میں اس پر میٹنگ اور ڈسکشن ہونی چاہیئے اور سارے لاز کو سٹڈی کر کے اور ڈیپارٹمنٹ کو، سوشل ویلفیئر کو Involve کر کے انڈسٹریز کو اور جہاں پر این جی اوز رجسٹرڈ ہوتی ہیں، ان سب کے ویوز لئے جائیں تو تب ٹھیک Decision ہو سکتا ہے۔ Thank you very much۔

محترمہ مسند نشین: بابک صاحب نه زه غواړمه چې هغه خپل پوائنټ آف ویو لږ راکړي۔

جناب سردار حسین: شکریه میډم سپیکر! او زه خو بیا تاسو له مبارکی د رکومه که د دې خبرې چې خدائے شته چې نن لیجسلیشن ډیر زیات خوند کوی، نن ډیر زیات خوند کوی چې دا ټول ممبران صاحبان چې دی کلاز بائی کلاز هغوی ډسکشن کوی نو زه په دې خبره تاسو له مبارکی د رکومه۔

محترمه مسند نشین: تهینک یو جی۔

جناب سردار حسین: میډم! زما خیال دا دے چې دا ډیر ښه امنډمنټ راغلے دے، منسټر صاحب خبره اوکړه چې خدائے مه کړه که چرې مونږ دا سې ترمیم راؤړو، امنډمنټ راؤړو نو این جی اوز دا سې Reluctant نشی، هغوی دا سې خوشحاله شی۔ جناب سپیکر! زه په دې خبرې نه پوهیږمه چې دلته د این جی اوز او د آئی این جی اوز ذکر اوشو، هغوی راځی دلته د دې د پاره چې زمونږ ښیګړه اوکړی، مونږ سره مرسته اوکړی، زمونږ په ډیویلپمنټ کښې مونږ سره شامل شی۔ سوال دا دے که د هغوی غرض دا وی، که د هغوی غرض دا وی او دا د هغوی غرض دے، نو زما دا خیال دے چې بیا د دې خبرې نه یره کول نه دی پکار۔ شاه فرمان صاحب ډیره زیاته ښکلې خبره اوکړه چې مونږ خپل فنډ چې دے، خپل فنډ، د صوبې خپل فنډ چې دے، بیا د ممبرانو چې کوم اختیار دے او کوم فنډ دے، که زه په پښتو کښې اووایم چې د هغوی د پاره یو پرناله ډیډک جوړه ده نو سوال دا دے یوې ضلعې کښې این جی او یا آئی این جی او کار کوی، هغه د دې خبرې نه ولې یریږی چې هغه ډیډک د د هغې نه خبر نشی یا بالکل زما دا خیال دے چې دا ټهیک خبره ده، منسټر صاحب پکار دا ده دلته تاسو اوګورئ په دې معاشره کښې عجیبه مزاج جوړ دے چې دا تپوس به نه کوې چې د جماعت امام څوک دے، دا تپوس به نه کوې چې په دې مدرسه کښې څومره ماشومان دی، دا رجسټرډ دے او که دا رجسټرډ نه دے؟ دا یو مزاج زمونږ په دې معاشره کښې جوړ دے، دا څه ښار نا پرسان نه دے، دا دلته یو ریاست دے، دلته یو حکومت دے، دلته ادارې دی، زما دا خیال دے چې دلته ذمه واره خلق دے، پکار دا ده چې بالکل هغه این جی اوز ته مونږ ویلکم کوؤ او په دیکښې هیڅ دا سې څه خبره نشته چې خدائے مه کړه دا ممبران او بیا دلته دا عجیبه Trend جوړ شوے دے، دا روایت جوړ شوے دے چې بس د منتخب خلقو نه د سیاسی خلقو نه خلق یو

داسې نفرت کوی چې خدائے مه کړه خدائے مه کړه دا چې د بلې دنیا مخلوق دے او بیا مونږ په دې ایوان کښې پخپله یو داسې تاثر ورکوؤ چې زما یقین دا دے چې هغه تاثر مناسب نه دے۔ بالکل دا امنډمنټ چې دے، زه ورسره په دې، زه به تاسو له مثال درکړم جناب سپیکر! په مرکز کښې ای اے ډی چې کوم ډیپارټمنټ دے چې د بهر نه څومره فارن ایډ راځی او څومره Grant in aid راځی، آیا د هغوی نه راتیریږی دا صوبو ته راځی که ډائریکټ صوبو ته راځی؟ ځکه چې دا پکار ده، پکار دا ده چې کله د صوبو خپله DDWP کیږی، PDWP کیږی، بیا ډیډک میټنګز کیږی، سکیمونه Identify کیږی، د هغې د پاره پی سی ون جوړیږی، پی سی ټو جوړیږی، پی سی تهری جوړیږی، پی سی فور جوړیږی خو سوال دا دے که د دوئ مدعا واقعی وی او مونږ په هغه شک نه کوؤ، بالکل دا ده، نو زما دا خیال دے چې مونږ بالکل ټول Elected خلق چې دی، ډیډک کښې چې کوم ناست دی، هغوی به هیڅ قسمه مشکلات نه جوړوی او خدائے مه کړه د دې امنډمنټ نه پس که چرې داسې څه مشکلات جوړ شو نو مونږ دا ایشورنس ورکوؤ چې مونږ هغه خلقو یو چې ان شاء الله هغه ممبران ملګری، د ډیډک ممبران، د ډیډک چیئرمینان چې دی، هغه به په دې خبره باندې Convince کوؤ۔ دلته میډم سوشل ویلفیئر منسټر صاحبې خبره اوکړه جی، بالکل مونږ دیکښې هیڅ شک نشته، ګوره Interior department چې دے هغه هم لګیا دے، بیا این او سی ورکوی، هغه په لویه سطح باندې خبره ده، زه دا ګڼړم چې د لاء اینډ آرډر په حواله باندې Security measures د پاره هم دا ډیره زیاته ضروری خبره ده چې د مختلفو مرحلو نه هغوی تیریږی نو زما دا خیال دے چې ډیر خلق داسې وی، مونږ شک نه کوؤ، هغه خو Interior Minister پخپله اووئیل چې ډیر این جی اوز داسې آئی این این جی اوز داسې، آئی این جی اوز، این جی اوز نه آئی این جی اوز چې هغهBan شو، ولې Ban شو، د هغوی د پاره Proper mechanism نه وو، زه دا ګڼړمه چې دا هم د هغه Proper mechanism یو درجه ده، لهذا مونږ ټول ریکویسټ دا کوؤ عنایت الله خان ته چې ان شاء الله داسې خدشات و تحفظات به نه وی، که دا امنډمنټ مونږ راوړو نو دا به ډیره زیاته ښه وی۔

Madam Chairperson: اچھا Okay, let me announce, we will carry on with the debate after the break and we will just break for half an hour exactly, half an hour for the Asar Nimaz.

فوراً بعد، اسلئے آپ ممبران، بڑی Important ہے، باقی لیجسلیشن بھی ہے، آپ Exact آدھے گھنٹے بعد، ہم یہاں دوبارہ Meet کریں گے، آدھے گھنٹے کا مطلب ہے آدھا گھنٹہ۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد محترمہ مسند نشین مسند صدارت پر متمکن ہوئیں)

محترمہ مسند نشین: گوہر شاہ صاحب! میں آپ کو ٹائم بھی دوں گی، ابھی یہ آئٹم ختم ہو جائے، آپ کو بھی ٹائم دوں گی، بخت بیدار خان بھی ہیں، پہلے آپ کو دوں گی، ٹھیک ہے، آپ اپنا پوائنٹ آف ویو وہ کریں گے لیکن یہ ممبران کو، یہ جو آئٹم ہے نا ہمارا ختم ہو جائے تاکہ اس کو ہم، 'ممبران چارج' ابھی آجائیں تو اس پہ ڈیبیٹ شروع کرتے ہیں اور اگر آپ کہتے ہیں تو میں۔۔۔۔۔

ایک رکن: حبیب الرحمان صاحب ہیں، ان کو کہیں کہ وہ اپنا مدعا پیش کر لیں۔

محترمہ مسند نشین: نہیں، حبیب الرحمان صاحب کا تو اپنا دوسرا آئٹم ہے، جو 'ممبران چارج' ہیں، وہ اگر ہیں ورنہ اس دوران رولز سسپنڈ کرنا پڑیں گے آپ کیلئے، اچھا آگئے ہیں ورنہ میں آپ کو چانس دے دیتی۔ آپ کو اور بخت بیدار خان کو دوں گی لیکن یہ ختم ہو جائے تو۔ اچھا جناب منور خان صاحب، مائیک کھولیں منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: منسٹر حبیب الرحمان صاحب کچھ کہنا چاہتے ہیں تو میرے خیال میں اگر پہلے ان کو موقع ہم دیں تاکہ وہ۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: حبیب الرحمان صاحب! تاسو څه خبره کول غواړئ؟ تاسو خپل نقطه نظر پیش کول غواړئ؟ مائیک ورکړه حبیب الرحمان صاحب، حاجی حبیب الرحمان، آنریبل حاجی حبیب الرحمان صاحب۔

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ میڈم سپیکر۔ زیر بحث مسئلے پر تو کافی آراء لوگوں نے پیش کی ہیں۔ میں مختصراً آپ کے علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ جس طرح عنایت اللہ خان صاحب نے کہا، ہم این جی اوز کی Spirit کے خلاف نہیں ہیں، چار قسم کی این جی اوز ہوتی ہیں،

انٹر نیشنل، نیشنل، پراونشل اور لوکل، یہ این جی اوز کے جتنے بھی قوانین ہیں، اس میں ہم یہ نہیں چھیڑتے، وہ اپنی جگہ پر مسلم ہیں، نہ کسی کمیٹی کی ضرورت ہے کیونکہ ہم تو قانون میں امنڈمنٹ نہیں کرتے۔ دراصل بات یہ ہے کہ جب یعنی انٹر نیشنل، نیشنل، پراونشل، ان کی رجسٹریشن ہو جائے تو ہر ایک این جی او اپنی بساط کے مطابق جس جگہ ان کی خواہش ہوتی ہے اور جہاں پوٹینشل ہوتا ہے تو وہ اپنی ایک ٹیم کو بھیجتے ہیں، پہلے وہاں سروے کرتے ہیں کہ یہاں واٹر کا پوٹینشل زیادہ ہے یا ہیلتھ کا ہے یا تعلیم کا ہے تو پھر وہ کوشش کر کے اپنے Competent forum سے منظوری لیتے ہیں۔ مثال کے طور پر کوئی کہتا ہے کہ بونیر میں واٹر سپلائی سکیم کی بہت ضرورت ہے اور وہ این جی او چاہتی ہے کہ ہم بونیر میں انویسٹمنٹ کر لیں تو وہ منظوری لیتے ہیں Through competent forum، ہماری اس میں کوئی مداخلت نہیں ہوگی تو وہ اس زمرے میں جائیں گے۔ یہاں سے یہ ڈیڈک کا اس نے کہا ہے، دراصل بات یہ ہے کہ ہر ایک ضلع میں سینکڑوں این جی اوز کام کرتی ہیں لیکن اس کا کام، یہ ایک ترتیب ہوتی ہے کسی کو اس کا پتہ نہیں ہوتا کہ Routed through کا مطلب یہ ہے کہ وہ آ کے سب سے پہلے اپنی رجسٹریشن کا حوالہ دیں گے، Allocated amount کا کہ ہم آئے ہیں، ڈونر ایجنسی ہماری فلاں ہے، ,Internationally یا Nationally یا Provincially ہمیں اتنے پیسے ملے ہیں، ہماری مدات، ہمارا Nature of work یہ ہے، تعلیم ہے، ہیلتھ ہے، واٹر سپلائی سکیم ہے، اور بھی، اور Awareness کیلئے بہت سارے پراجیکٹس چل رہے ہیں، ہمارا کام ہے Awareness تو یہ Consolidated report آئے گی اور یہ ڈیڈک میں جمع ہوگی، اپنا اپنا ڈیٹا Collect کریں گے اور ڈیڈک کو یہ پتہ چلے گا کہ اگلی این جی او کے تھرو ہمارے ضلع میں، ہمارے علاقے میں اتنے ارب روپے کے کام ہو رہے ہیں۔ مثال کے طور پر ہمارے علاقے میں 2009-10 میں جو کرائسز تھے، سلطان وس نامی ایک گاؤں ہے، اگر میں کہوں وہاں اربوں روپے، اربوں روپے، 321 این جی اوز تھے، 321 این جی اوز اور ساری این جی اوز نے سلطان وس میں انویسٹمنٹ کی ہے لیکن آپ اگر وہاں جائیں تو سلطان وس وہیں کے وہیں اسی طرح پڑا ہے اور کوئی ڈیویلپمنٹل کام نظر نہیں آ رہا ہے۔ تو اسلئے Routed through کا مطلب یہ ہے کہ یہ ڈیڈک کے نوٹس میں لائیں اور ہمیں پتہ چلے کہ ہمارے ضلع میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے اتنی این جی اوز ہیں اور Nature of work ان کا یہ ہے تو اب ہمارا صرف یہ

کام ہے کہ تین Components وہاں ضلع میں بھی ہمارے اختیار میں نہیں ہوں گے، یعنی الیکشن کا کام بھی، فنڈز کا کام بھی، Nature of work کا کام بھی کیونکہ انہوں نے ایک خصوصی Agreement کیا تھا، MoU کے تحت وہ آئے ہیں لیکن ہمارا کام یہ ہو گا۔ ابھی بھی ڈیڈک کو، میں نے بہت ساری میٹنگز بلائی ہیں این جی اوز کی، تو ہم اس کو درخواست کریں گے کہ ایک آپ کا پوٹینشل فلاں یونین کونسل میں ہے اور ہر ایک، یہ فرض کریں دس این جی اوز ہیں اور ہر ایک چاہتی ہے کہ کسی ایک علاقے میں کام کرنا ہے تو ہماری درخواست ہے، چاہتے ہیں کہ یہ ایکٹ، یعنی آپ ایسا کرلیں کہ اس کو تقسیم کار کرلیں، یہ این جی او سرکاری یونین کونسل میں کام کرے، دوسری اس میں کام کرے، تیسری اس میں کام کرے اور وہ جو کام ہے، وہ Consolidate ہو جائے گا اور ہمیں پتہ چل جائے گا کہ ہمارے ضلع میں اس نوعیت کے، مختلف نوعیت کے کام ہو رہے ہیں اور Nature of work کا پتہ بھی چلے گا اور ہم اس کو مانیٹر صرف کر سکیں گے۔ ابھی اختیار ہے، ابھی یہ اختیار یعنی Allotment of Union Council ابھی ڈی سی او کے پاس ہے لیکن ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمارے دائرہ اختیار میں آجائے کیونکہ ڈیویلپمنٹل کام تو ہم بھی کرتے ہیں، ڈیڈک کا کام ہے، یعنی ہم ڈی ڈی سی جو کرتے ہیں، یہ براہ راست ڈیویلپمنٹل ورک کا ہمیں اختیار نہیں ہو گا لیکن ہمیں صرف علاقہ کے، آپ اس علاقے میں جائیں اور آپ کے جو پیسے ہیں، جتنے ہیں، وہ ہمیں بتائیں گے، ڈونر ایجنسی کا نام بھی بتائے گا کہ فلاں، کہ اسی سے ہمیں اتنے روپے ملے ہیں۔

<u>محترمہ مسند نشین</u>: بالکل ٹھیک ہے، میں سمجھ گئی ہوں۔ میں منسٹر صاحب سے کہوں گی، بڑی مہربانی، آپ تشریف رکھیں۔ یہ عنایت اللہ خان ذرا اپنا پوائنٹ آف ویو دینا چاہ رہے ہیں، .Let`s them hear

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: میڈم سپیکر! اس ہاؤس کے اندر ممبران کے اندر بڑی ایک قسم کی Unanimity موجود ہے اور وہ چاہتے ہیں تو میں اس Unanimity کو ڈسٹرب نہیں کرنا چاہتا، میں تھوڑے سے الفاظ جو ہیں، وہ تبدیل کرنے کی ریکویسٹ کروں گا کہ اگر یہ الفاظ Substitute ہوں، Proviso اس طرح Substitute ہو:

"Provided further that any developmental scheme executed through NGOs or National or International Development Partners shall be brought to the notice of DDAC to avoid duplications."

محترمہ مسند نشین: یعنی آپ کے نوٹس میں لایا جائے گا اور جب انفارمیشن آپ کو ملے گی، ڈیڈک کو چاہیئے، وہ انٹرنیشنل این جی او ہے، لوکل ہے، نیشنل ہے یا ریجنل ہے، وہ ڈیڈک اس ایریا میں کام کرے گی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میں نے ان کیلئے وہ الفاظ استعمال کئے ہیں کہ جو ان سے رہ گئے ہیں، یہ جو ڈیویلپمنٹ پارٹنرز کا لفظ میں استعمال کر رہا ہوں، یہ اصل میں مراد ان سے لے رہے ہیں لیکن انہوں نے اس کا نام۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: وہ این جی اوز نہیں ہوتیں، وہ ادارے ہیں۔ شاہ فرمان صاحب کی بھی ذرا سن لوں، شاہ فرمان صاحب۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): میڈم سپیکر! جس طرح حبیب الرحمان صاحب نے فرمایا کہ اس کے اندر Awareness کے بھی ہیں، اس کے اندر بہت ساری این جی اوز ایسی ہیں جو Tangible کام نہیں کرتیں، وہ Co-awareness کے تھرو، میں سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی پراجیکٹ ہو، اب اس کے اندر ہے "To avoid duplications or developmental work" میں سمجھتا ہوں کہ یہ لمیٹڈ ہو جائے گی، بالکل ڈیویلپمنٹل، بہرحال ساری این جی اوز کے اوپر وہ کلیئر نہیں ہے، وہ جاتی ہیں ایریا کے اندر، وہ لکھتی ہیں کہ ہم نے اتنا کام کیا، اس نیچر کا کام کیا جس کا کوئی نہ ثبوت ہے۔ جس ڈسٹرکٹ کے اندر این جی او کوئی بھی کام کرے، وہ ہو کوئی کام In a sense کہ دیکھیں ناں وہ کہتے ہیں کہ ہم Awareness کیلئے یہ کام کر رہے ہیں، بہت سارے پراجیکٹس ایسے ہوتے ہیں، اگر وہ ڈیڈک کو انفارم کریں، چلو اس کے اوپر آتے ہیں، اگر وہ ڈیڈک کو انفارم کریں اور دو چار چیزیں بتائیں کہ اتنا ہمارا فنڈ ہے، یہ ہمارا پراجیکٹ ہے، دیکھیں اس میں شک تو کوئی نہیں ہے، ایک بندہ جو بیچارے غریب کو دو پیسے نہیں دیتا، زکواۃ نہیں دیتا، خیرات نہیں کرتا، اس کو قوم کی بڑی فکر ہے، این جی او کی، کہ وہ بڑا خرچہ کرتی ہے، اگر یہ ڈیٹیل وہ Submit کر دیں کہ اس ڈسٹرکٹ کے اندر، ایک تو ڈیویلپمنٹل ورک ہے جس کا کام اینٹ اور سیمنٹ کے ساتھ ہے، اس کے علاوہ بھی جو پراجیکٹس ہیں، وہ ان کو بھی آپ اس میں اسلئے بھی Include کریں کہ اگر کسی این جی او نے کہا کہ ہم نے بونیر کے اندر یہ یہ کام کیا اور اس کا کوئی اتہ پتہ نہ ہو، انہوں نے کیا ہو، یہ بھی غلط ہے، اگر وہ ادھر کرتے ہیں تو ڈیڈک کے پاس اس کی انفارمیشن ہونی چاہیئے۔

Information base کے اوپر اس کیلئے بھی پروسیجر بنایا جاسکتا ہے کہ وہ وہ کیا، ان کی رپورٹس کیا ہیں؟ Unless suppose DDAC یا کوئی اور اتھارٹی یہ بتا دے کہ یہ جو این جی او نے Claim کیا ہے یا انہوں نے پیسے Draw ہیں یا یہ جو پیسے خرچ کئے ہیں اور انہوں نے جو چیزیں Submit کرائی ہیں، یہ ہیں ہی نہیں، یہ Exist ہی نہیں کرتیں اور دوسری بات یہ ہے کہ آڈٹ اینڈ انسپکشن کیلئے یہ ضروری ہے کہ اگر وہ یہ دیکھیں کہ یہ کام این جی او کا ہے، لہذا پراونشل فنڈز اس کے اوپر کیوں خرچ ہوئے ہیں یا پراونشل فنڈز اس کے اوپر کیوں خرچ ہوں گے؟ یہ بڑا ضروری ہے۔ اگر اس کے اندر لیگل ایشوز ہیں تو انفارمیشن اینڈ 'ڈیٹیلڈ' انفارمیشن ڈسٹرکٹ یا ڈیڈک کے پاس ہونا ضروری ہے، صرف ڈیویلپمنٹل نہیں، سوشل ورک ہو، جس طرح بھی ہو، جس ڈسٹرکٹ میں ہو، وہ اس کے پاس ہونا چاہیئے۔

محترمہ مسند نشین: گل صاحب خان! گل صاحب خان۔ ایک منٹ میں اس کی بات سن لوں، گل صاحب کافی دیر سے کہہ رہے ہیں۔ مسٹر گل صاحب۔

جناب گل صاحب خان: شکریہ، میڈم سپیکر۔ میڈم! یہ بہت کلیئر ہے، پتہ نہیں کیوں اس کو اتنا Complicated بنایا جارہا ہے؟ Routed through meaning thereby کہ Through DDAC، اگر Through DDAC آئے گا تو یہ ظاہر ہے اس کے ساتھ یہ Approval اس میں لازمی ہے کیونکہ ڈیڈک کا اپنا، یہ ایکٹ میں واضح کیا گیا ہے کہ اس میں ون تھرڈ کورم ہے، اس کے بعد وہ میجارٹی کے ساتھ اس کی Approval دے گی۔ یہ بات غلط ہے کہ Just to inform اور انفارمیشن کی حد تک اس چیز کو دے دینا، اس میں حرج ہی کیا ہے؟ کسی ڈیڈک نے بھی کسی چیز کی Approval کو، یہ نہیں ہے ہم تمام کی Approval ہو جاتی ہے، یہ تو سکیمز ہیں میڈم! اس میں کوٹہ Allocate ہوتا ہے ایم پی اے کا، دس ایم پی ایز ہیں پشاور کے، اس کو فورم میں کبھی بھی یہ نہیں کہا گیا کہ بھئی یہ ایم پی اے ادھر یہ سکیم کیوں کر رہا ہے؟ یہ تو Automatically approved ہو جاتی ہیں، اس میں کوئی اتنی قباحت والی بات مجھے نظر نہیں آرہی کہ جتنا اس چیز کو Complicated کیا جارہا ہے اور یہ انگریزی میڈم! بالکل Simple سی ہے، اس میں تو کوئی ایسی، پتہ نہیں، سمجھ نہیں آرہی اس انگریزی کی کہ کیا اس میں Duplication کے بارے میں کہا گیا ہے؟ Simple سی بات ہے۔

محترمہ چیئرپرسن: تھینک یو۔ ارباب اکبر حیات صاحب! آپ نے کہا تھا۔

ارباب اکبر حیات: شکریہ، میډم سپیکر۔ میډم! د این جی اوز په حوالې سره دې ټولو ملګرو خبرې اوکړې، چونکه دا یو داسې Experience دے چې ما پخپله دا کتلې دی، ما سره دغه شوې دی۔ دا دیکښې خاصکر RAHA این جی او ده او بیا دا SRSP کومه این جی او ده نو مخکښې خو دوئ د Duplication خبره کوله چې Duplication کیږی، اوس خو یو داسې حالات راروان دی چې یو ویلج کونسل دے، چیئرمین به وی ورسره، بیا به ورسره ډسټرکټ ناظم وی، بیا به ورسره د ایم پی ایز فنډ وی، د هغې نه پس بیا ورسره چې کوم دے جی دا د این جی اوز چې کوم فنډ وی نو دیکښې دا کار شوے دے چې یو تن چې کوم سټریټ جوړ کړے دے، ما له تنان راغلی وو چې یره په دې باندې ته خپل بورډ مه لګوه او یو څو ورځې پرې بورډ مه لګوه، مونږ به په دې باندې خپل بلونه پاس کړو چې کوم زمونږ بلونه وی او هغې نه پس چې کوم دے نو تاسو به پرې بورډ اولګوئ، نو ما وئیل چې دا خو بالکل تاسو داسې څه عجیبه شان خبره کوئ، دا خو د دې مطلب چې ستاسو کوم سوچ دے او ستاسو چې کوم د این جی او دغه دے، هغه خو د دې نه نه دغه کیږی، نو هغوی وئیل اصل کښې د دې به تاسو ته پته وی، د دوئ یو عجیبه سسټم دے، دوئ داسې وی چې دوئ زما کلی ته راغلل جی، زه به خبر نه یم او دوئ به یو تنظیم جوړ کړے وی۔ تنظیم به د یو 25 تنانو تنظیم وی، 25 تنانو کښې هغه دوه تنان چې کوم وی، هغه پکښې د کار وی او هغه نور 23 تنان چې کوم وی، هسې برائے نام وی جی نو دوئ هغوی سره بیا دا خپل ملی بهګت اوکړی چې مونږ به تاسو ته فنډ ډیر زیات درکړو خو تاسو به کار هسې برائے نام کوئ۔ د یو ایم پی اے کار به وی نو هغه ته به پته هم نه وی، بل سړے به راشی ورته وائی جی دا کار زمونږ روان دے، هغه به لاړ شی، بل پاس کړی جی۔ مونږ دا وایو جی چې دا ډیډ ک چې کوم دے، دا Effective کول پکار دی۔ هغې کښې دا ده چې ایم پی اے ته به کم از کم پته وی چې زما په حلقه کښې څوک کار کوی نو هغه د چا کار دے؟ او دویمه خبره جی دا ده چې د دې سره ډیرې زیاتې دشمنیانې هم جوړیږی۔ دا شاه فرمان صاحب یو ورور زما خیال دے د RAHA مشر هم دے، ډائریکټر دے زما په خیال او هغوی سره هم زما خبره شوې وه۔

دیکښې داسې کار اوشی جی چې لکه زه اوس ایم پی اے یمه جی او یو عام سړے راشی او هغه وائی ما یو پراجیکټ اخستے دے او ما له RAHA والا راکړے دے ، ما ته پته هم نه وی، هغوی پکښې کار روان کړے وی۔ هغه زمونږ تنان راشی چې نه نه یره دا خو د ایم پی اے فنډ دے ، د RAHA پکښې څنګه کیدے شی، بس هغوی هلته کښې لانجې جوړې کړی۔ زمونږ مطلب دا دے جی چې دا کوم یو Elected سړے وی Elected ، که هغه ایم پی اے ، که هغه بیا ناظم وی او که هغه هر څه وی چې دا Elected سړے این او سی او د Elected سړی سره کنسلټیشن کوی نو بیا د هغې نه پس د کوی نو هله به زما په خیال دا دغه صحیح وی۔

محترمہ مسند نشین: محمود خان صاحب۔

جناب محمود احمد خان: مهربانی میډم۔ څنګه دا نورو ملګرو خبرې اوکړې میډم! دیکښې دومره ګرانه خبره نه ده، مونږ وایو چې د ډیډک په تهرو د کیږی او څکه دا مثال درکوؤ چې اوس SADP یو پروګرام دے زما په ډسټرکټ کښې او ډی سی هغې کښې Identify کوی دا سکیم چې کوم ځائې د روډ ضرورت دے ، هلته ئے روډ نه د جوړ کړے ، یو عام کالونئ ته پکښې روډ جوړ کړی۔ مونږ ورته وایو چې دا ولې؟ وائی چې دا یو پراپر چینل نه مونږ راغلی یو، تاسو د چا په تهرو راغلی یئ؟ مونږ وایو داسې د ډی سی په تهرو باندې راغلی یو او Through proper channel مونږ ته دا سکیم Identify شوے دے ؟ مونږ دا وایو چې دا د ډیډک په تهرو کیږی۔ هغې کښې که مونږ سره څوک هم ممبران وی نو کوم این جی او هم کار کوی، هغه د ډیډک په تهرو د څکه کوی چې زمونږ په حلقه کښې کار کیږی او مونږ ته پته نه وی او Duplication کیږی، ډبل ډبل پکښې کیږی، کم از کم چې د ایم پی اے هغه حلقې ته خو دا پته وی، یو ایم پی اے بد دے نور ټول ښه خلق دی؟ مونږ دا وایو چې هاؤس او دغه ایم پی اے ګان ټول مضبوط وی چې دا مضبوط وی نو مونږ به مضبوط یو او چې دا مضبوط نه وی مونږ به نه یو مضبوط، (تالیاں) مونږ نه د مذاق نه جوړوی۔ میډم! هاؤس کښې بلاں ، خبرې په مونږ پاس کیږی چې چا د 'Yes' او د زور نعره کوله، هغه غریب نن جیل کښې دے ، مونږ دا وایو میډم! چې کوم کار هم کیږی، د ایم پی اے په مشاورت د

کیږی، د ډیډ ک په مشاورت د کیږی خا مخا، دا نه چې څوک هم، مرضی ده چې چا په کوم تهرو باندې کار اوکړو، مونږ دا وایو چې دا کومه خبره ده؟ منسټر صاحب ته دا ریکویسټ کوؤ، دیکښې دومره غټه خبره نه ده چې څومره د دې جوړه شوه، دیکښې حکومتی ممبران هم او اپوزیشن دا دواړه پرې Agree دی، دا په ایګریمنټ باندې او په خبرو اترو باندې دا شے راغلے دے چې کار کوم ډسټرکټ کښې کیږی، د ډیډک په تهرو د کیږی، د Routed مطلب دا دے مونږ به خبروی چې کوم سکیم مونږ اوکړو، او داسې سکیمونو مونږ مثال ورکولے شو په ډسټرکټ کښې چې هغه نیشنل اسمبلۍ فنډ کښې هم شوی دی او د ایم پی اے په فنډ کښې او د این جی اوز وائی چې دا زمونږ په فنډ کښې شوی دی، کم از کم هغه د انفارم کوی، یو رپورټ د جوړوی، یو طریقه کار د جوړوی، آګے به پیش کوی، دې هاؤس ته به پیش کوی، ډی سی ته به پیش کوی، کمشنر ته به پیش کوی لیکن مونږ دا وایو چې کم ازکم د ډیډک په تهرو د وی۔ مونږ دوئ باخبره نه ساتی، مونږ د باخبره ساتی، دا زمونږ ریکویسټ دے، میډم۔

<u>*محترمہ مسند نشین:*</u> تهینک یو محمود خان۔ بخت بیدار خان نه به زه اؤرمه، بیا تاسو ته به راځم۔

<u>*جناب بخت بیدار:*</u> میډم سپیکر صاحبه! شکریه۔ څنګه چې زما نورو ورونړو دا خبره اوکړه، دغه شان زه به د لوئر دیر په حواله سره خبره اوکړم چې هلته کښې Save the Children کار کوی په هیلته کښې، Marlin این جی او په هیلتهـ کښې کار کوی، SRSP په ایجوکیشن کښې هم کوی، یو HAA ده، هغه په افغان ریفیوجیز کښې کار کوی، یو RAHA ده، RAHA لکه زما دې ورور چې اووئیل زمونږ دلته DG PMU، هغه د هغوی د لاندې کار کوی، بلها این جی اوز دی او لکه زه به، زما خوا ته یو آر ایچ سی ده، ګل آباد آر ایچ سی زما حلقه کښې، هغې کښې Save the Children کار کړے دے، Marlin پکښې کار کړے دے۔ دغه شان بله آر ایچ سی ده، په هغې کښې دا کار شوے دے خو دا پته نه لګی چې Save the Children کوم کار په دیکښې کړے دے، Marlin په دیکښې کوم کار کړے دے؟ دغه شان د RAHA والا پته نه لګی چې RAHA څه شے کار کړے دے، په سکول کښې کمرې چا جوړې کړی دی آیا؟ زمونږه مطلب دا دے

صوبائی حکومت چې کوم دے اوس په سکولونو کښې کمرې زیاتې شروع کړی دی، هغه وائی چې، RAA والا وائی چې دا مونږ جوړې کړی دی، HAA والا وائی چې دا مونږ جوړې کړی دی، دا پته نه لګی، لهذا زمونږ دا درخواست دے چې دا ټول ممبران صاحبان چې کومه خبره کوی، زما خیال دے چې زما ورور منسټر عنایت خان هغه هم د اپر دیر دے، د دې مسئلې نه دے ټول خبر دے، لهذا زمونږ دا ممبران صاحبان چې کومه خبره کوی د ډیډک په باره کښې، کلیئر په دې خبره باندې ایکټ د پاس شی او دا مسئله د نورو خبرو اترو ته د نه پریږدی۔

محترمہ مسند نشین: منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میڈم! میرے خیال میں یہ آپ کی یہاں پہ As Speaker جس طرح کی آج ڈسکشن ہوئی ہے اسی لاء پہ یا اسی ایکٹ پہ، میرے خیال میں اس سے پہلے اس قسم کا موقع ڈسکشن کیلئے نہیں دیا گیا لیکن بہر حال یہ اچھی بات ہے کہ اچھی طرح ڈسکشن ہوگئی ہے۔ تو میرے خیال میں میڈم! سب یہاں پہ بیٹھے ہیں، ایم پی ایز بیٹھے ہیں، Put کریں تاکہ پتہ چلے کہ ایم پی ایز یہ امنڈمنٹ لاتے ہیں یا نہیں لاتے؟ میں Last میں عنایت اللہ خان کو بھی ریکویسٹ کروں گا کہ یہ سارا ہاؤس یہی چاہتا ہے تو میرے خیال میں اس کو بھی اس کے ساتھ جانا چاہیئے۔

محترمہ مسند نشین: ایک منٹ، منسٹر صاحب! تشریف رکھیں آپ۔ میں اسلئے کر رہی ہوں کہ ممبر سارے پوائنٹ کر لیں، آپ اس کو Sum up کریں۔ ڈاکٹر حیدر علی خان سے میں چاہوں گی کہ وہ بھی اپنا پوائنٹ آف ویو دے دیں۔

ڈاکٹر حیدر علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد بدعنوانی): تھینک یو، میڈم سپیکر۔ اصل میں Duplication کے علاوہ اور بھی کئی Irregularities واقع ہوتی ہیں اس طرح کے کاموں میں۔ جو این جی اوز یا آئی این جی اوز یہاں پہ کام کر رہی ہیں، ہم انٹرنیشنل کمیونٹی کے شکر گزار ہیں کہ وہ ہمیں سپورٹ کر رہی ہے، فنانشل اور فنڈنگ کر رہی ہے لیکن اس کے علاوہ جو یہاں پہ جو ہمارے لوکل ان کے ساتھ ملوث ہوتے ہیں، کل ہماری میٹنگ ہوئی ایک آئی این جی او کے ساتھ، چونکہ 160 ملین ڈالر کا ایک پراجیکٹ ہے "Pakistan Reading Project"، پچھلے دو سال سے اس صوبے کے 15 اضلاع میں وہ کام کر رہے ہیں، میرے ضلع میں بھی وہ دو سال سے کام کر رہے ہیں لیکن مجھے کوئی پتہ نہیں ہے، وہ ہم سے

Facilitation اور پالیسی میکنگ میں مدد چاہ رہے تھے، میں نے کہا مجھے پتہ ہی نہیں ہے، دو سال سے آپ ہمارے ضلع میں کام کر رہے ہیں لیکن مجھے کوئی علم نہیں ہے کہ یہ کہاں کس سکول میں، میرے اپنے حلقے کے اندر کچھ سکولوں میں ان کا کام ہو رہا ہے لیکن مجھے اندازہ نہیں ہے۔ اصل میں جو باہر کے لوگ ہیں، ان کو اجازت نہیں ہے سیکورٹی کے پرابلم کی وجہ سے کہ وہ خود جا کر ان کی مانیٹرنگ کریں اور ہمارے جو لوگ ہیں، وہ آپ کو پتہ ہی ہے، تو اگر گورنمنٹ ملوث نہ ہو، Public representatives کو آؤٹ کیا جائے تو کس طرح یہ کام چلے گا؟ جو کرپشن یہاں پر ہو رہی ہے گورنمنٹ لیول پر، نان گورنمنٹ لیول پر اس سے زیادہ کرپشن کے امکانات ہیں، اسی لئے اس کو ایک قاعدے اور ضابطے کے مطابق لانا چاہیئے، میں اس کو سپورٹ کرتا ہوں۔

<u>محترمہ مسند نشین</u>: میں دینا ناز صاحبہ کو بھی سننا چاہوں گی، ایک منٹ، مختصر کریں۔

<u>محترمہ دینا ناز (پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں)</u>: تھینک یو، میڈم۔ سب سے پہلے میں یہ کہنا چاہوں گی کہ Being a Social Welfare Parliamentary Secretary محترمہ منسٹر صاحبہ نے بات کر لی ہے، میں سوشل ویلفیئر کے حوالے سے یہ بات کروں گی کہ نمبر ون، یہ جو بہت زیادہ اس پر بحث ہوئی ہے کہ این جی اوز کام کرتی ہیں اور پتہ نہیں ہوتا کہ یہ کیا کر رہی ہیں؟ سب کو پتہ ہونا چاہیئے کہ جو بھی این جی او، آئی این جی او ہوتی ہے، انٹرنیشنل این جی او ہوتی ہے یا لوکل ہوتی ہے، وہ جب ڈسٹرکٹ میں آتی ہے تو Through the Social Welfare District Officer coordination with the DC، ڈی سی کے ساتھ کوآرڈینیشن کے ساتھ وہ کام کرتی ہے، MoU وسائن ہوتا ہے اور ہر ڈسٹرکٹ میں جو ہے ڈی ڈی ایم او ہوتا ہے، ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ آفیسر ہوتا ہے جو کہ ڈی سی نے اپوائنٹ کیا ہوا ہوتا ہے اور دوسری بات میڈم! ساتھ میں کہنا چاہوں گی کہ جی دیکھیں ڈیولپمنٹ پر یہ کام نہیں کرتی کوئی بھی این جی او، یہ صرف Crises میں ملک کو، کسی بھی Country کو سپورٹ دیتی ہے، Manmade disaster یا نیچرل کوئی ڈیزاسٹر ہو، یہ ڈیزاسٹر میں صرف Country کو Stable کرتی ہے، یہ چیز آپ لوگ سمجھ لیں، یقیناً آپ سب کو، بہت محترم ہیں، سب کو پتہ ہوگا۔ دوسری بات جو میں کہنا چاہوں گی۔ تیسری بات میڈم! کہ یہ جو ان کا کام ہوتا ہے، یہ ان علاقوں میں ہوتا ہے جہاں پر خدانخواستہ کوئی

Crisis جیسے میں آئی ڈی پیز کی آپ کو مثال دوں گی کہ اس جگہ پر متاثرین آگئے، اورکزئی آپریشن ہوا ہے، یہ ان علاقوں کو ٹارگٹ کرتے ہیں جہاں پر Crises چل رہے ہوتے ہیں، یہ بات ان کی بالکل درست ہے کہ ڈیڈک کو انفارمیشن ضرور ہونی چاہیئے، اس میں ہماری بہت محترم کمیٹی بیٹھی ہوتی ہے، حلقوں کے ایم پی ایز ہوتے ہیں، ایم این ایز ہوتے ہیں، ہمارے ایگزیکٹیوز ہوتے ہیں، Executing Agencies ہوتی ہیں، ان کو پتہ ہونا چاہیئے، ان کو انفارمیشن ضرور ہونی چاہیئے لیکن میرے خیال سے یہ ڈی سی۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: آرڈر ان دی ہاؤس۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: میرے خیال میں یہ ڈی سی کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان کو انفارمیشن کیلئے یا این جی اوز کو باؤنڈ کیا جائے کہ وہ ڈیڈک کمیٹی کو اپنی انفارمیشن بھیجیں اور ساتھ ہی میڈم! میں بہت اہم نکتے کی طرف آپ کی توجہ مبذول کروانا چاہتی ہوں کہ اس میں ہوگا یہ کہ جس کا بہت بڑا خطرہ ہے کہ وہ آتے ہیں، ایک سوشل ورک ہوتا ہے، ان کے اندر اپنی ایک آڈٹ ٹیم موجود ہوتی ہے۔ اب دیکھیں یہ تو تنگ ہوں گے، اس طرح آپ کیا، ان کو کیا پاس کرنا ہے؟ انہوں نے جہاں پر Crises ہوئے ہوتے ہیں، جہاں پر زلزلہ آیا ہوا ہوتا ہے، انہوں نے جانا وہی ہوتا ہے، ٹھیک ہے، اس میں آپ کیا پاس کریں گے؟ یہ بات سوچنے کی ہے کہ آپ کیا ان کو کہیں گے؟ اس طرف جائیں، جہاں پر لوگ Affect ہوئے ہوتے ہیں، وہ سارے Affected ہوتے ہیں، ان میں ہم میرٹ نہیں بنا سکتے۔

محترمہ مسند نشین: مجھے یہ بتائیں کہ اگر۔۔۔۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: آخری بات۔

محترمہ مسند نشین: جی۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: آخری بات۔ اچھا اب میں ساتھ یہ کہنا چاہ رہی ہوں سوشل ویلفئیر کے حوالے سے کہ سوشل ویلفیئر کا جو ایکٹ ہے، سوشل ویلفیئر کا جو ایکٹ ہے، اس میں جو۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: آرڈر ان دی ہاؤس۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: سوشل ویلفیئر کا جو ایکٹ ہے، جتنی این جی اوز ہیں، یہ سوشل ورک جو ہوتا ہے، یہ ہمارے سبجیکٹ میں سوشل ویلفیئر کے ایکٹ میں آتا ہے، کسی اور منسٹری کے ایکٹ میں نہیں آتا، یہ ہم سے رجسٹرڈ ہوتے ہیں، خدانخواستہ اگر کہیں ڈیڈک کو، ایڈوائزری کو کوئی Objection ہو جاتا ہے، وہ پھر واپس سوشل ویلفیئر کو کہیں گے کہ بھئی ان کی آپ نے سرٹیفیکیٹس دیں، ان کو کینسل کرو، کیا سوشل ویلفیئر کا اتنا کام رہ گیا ہے کہ وہ ان کو رجسٹرڈ کرے یا ان کو کینسل کرے؟ Supervision ابھی بھی کر رہا ہے، سوشل ویلفیئر آفیسر کر رہا ہے۔ With the coordination of DC.

محترمہ مسند نشین: اچھا میں دینا ناز صاحبہ! آپ کو صرف، ایک منٹ، ایک منٹ (مداخلت) بیٹھیں، بیٹھیں۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: اچھا، میں آخری بات کر کے، بس زیادہ ٹائم نہیں لوں گی، ہاؤس Mostly جو ہے اس چیز پر Agree ہے کہ وہ یہ، مطلب ہے ووٹ اس کیلئے کرنا ہے، مجھے یہ بات کرنے دیں، پلیز۔

محترمہ مسند نشین: بات کرنے دیں، ممبر کو بات کرنے دیں۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: ہاؤس اس چیز پر متفق Mostly ہو رہا ہے کیونکہ Mostly یہاں پر ڈیڈک چیئرمین بیٹھے ہوئے ہیں، بیشک آپ لوگ معزز صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں، بیشک آپ لوگ ووٹ کر لیں، اس کیلئے میں Being a Social Welfare Representative اس چیز کو نہیں مانتی، میرا اس سے اختلاف ہے کیونکہ یہ این جی اوز ہم سے رجسٹرڈ ہو رہی ہیں، وہ ایک خدا واسطے کام کر رہے ہوتے ہیں، اس میں جو ہے Hurdle ہو گا اور وہ کبھی بھی کام نہیں کریں گے۔ تھینک یو۔

محترمہ مسند نشین: ویسے میڈم! میری بات صرف آپ، میری بات ابھی تک آپ نے Address نہیں کی، آپ صرف سوشل ویلفیئر کے تحت رجسٹرڈ ہونے والی این جی اوز کی بات کر رہی ہیں جبکہ There are other also mechanism through which the NGO got registered، ایک منٹ میری بات سنیں، آپ مجھے صرف ایک بات کا جواب دیں کہ ڈیزاسٹر ہو یا نہ ہو، حالات ہوں، اگر ایک

این جی او، آئی این جی او، ریجنل این جی او اگر آپ کے کسی ڈسٹرکٹ میں آتی ہے، کسی بھی Reason میں، کسی حالات میں اور وہ ڈیویلپمنٹ کا کام کرتی ہے تو کیا ڈیڈک کے علم میں یہ بات ہونی چاہیئے کہ نہیں؟

پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: بالکل ہونی چاہیئے، میں بار بار اس پر زور دے رہی ہوں۔

محترمہ مسند نشین: ٹھیک ہے، بیٹھ جائیں، ٹھیک ہے، ٹھیک، بس بیٹھیں آپ۔ اوکے، اوکے میڈم! بیٹھیں، Done ہو گیا، ایک منٹ مائیک مت بند کریں، مائیک آن کرو، آپ بات کمپلیٹ کریں، Done ہو گیا یہی پوائنٹ تھا۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: جی جی، یہی اس پوائنٹ پر، جس طرح ہمارے سینیئر منسٹر صاحب عنایت اللہ صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ دیکھیں بالکل ان کو انفارمیشن ہونی چاہیئے، میں خود بھی یہ چاہتی ہوں تاکہ ہمیں پتہ چلے کہ ڈسٹرکٹ میں کونسی این جی او کس اس میں کام کر رہی ہے، ہمیں معلومات ضرور ہوں، ہم اس کے ہیڈ ہیں۔۔۔۔۔

محترمہ مسند نشین: لیکن ان کے پاس اتھارٹی نہیں ہونی چاہیئے۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: لیکن ان کے تھرو ان کے ڈیویلپمنٹ کام پاس ہونا جو ہے، یہ میں اس کی مخالفت کرتی ہوں۔

محترمہ مسند نشین: اوکے، بیٹھ جائیں، زریں ریاض، زریں ریاض، میں پھر لیڈر آف دی اپوزیشن کی طرف جانا چاہتی ہوں، مختصر بات کریں، تمہید نہیں باندھنا ہے پلیز، اپنا پوائنٹ آف ویو ڈائریکٹ دیں، تھینک یو۔

